صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 23 جون 2016ء بمطابق 17 رمضان المبارک 1437 ہجری بعداز دوپہر دو بجکر پندرہ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

أَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيْطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

شَهْرُ رَمَضَانَ ٱلَّذِىٓ أُنزِلَ فِيهِ ٱلْقُرْءَانُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَـٰتٍ مِّنَ ٱلْهُدَىٰ وَٱلْفُرْقَانِ ۚ فَمَن شَهِدَ مِنكُمُ ٱلشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۖ وَمَن كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ۗ يُرِيدُ ٱللَّهُ بِكُمُ ٱلْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ ٱلْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا۟ ٱلْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا۟ ٱللَّهَ عَلَىٰ مَا هَدَىٰكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِى عَنِّى فَإِنِّى قَرِيبٌ ۖ أُجِيبُ دَعْوَةَ ٱلدَّاعِ إِذَا دَعَانِ ۖ فَلْيَسْتَجِيبُوا۟ لِى وَلْيُؤْمِنُوا۟ بِى لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ۔

(ترجمہ): (روزوں کا مہینہ) رمضان کا مہینہ (ہے) جس میں قرآن (اول اول) نازل ہوا جو لوگوں کا رہنما ہے اور (جس میں) ہدایت کی کھلی نشانیاں ہیں اور (جو حق و باطل کو) الگ الگ کرنے والا ہے تو جو کوئی تم میں سے اس مہینے میں موجود ہو چاہیئے کہ پورے مہینے کے روزے رکھے اور جو بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں (رکھ کر) ان کا شمار پورا کرلے۔ خدا تمہارے حق میں آسانی چاہتا ہے اور سختی نہیں چاہتا اور (یہ آسانی کا حکم) اسلئے (دیا گیا ہے) کہ تم روزوں کا شمار پورا کرلو اور اس احسان کے بدلے کہ خدا نے تم کو ہدایت بخشی ہے تم اس کو بزرگی سے یاد کرو اور اس کا شکر کرو۔ اور (اے پیغمبر) جب تم سے میرے بندے میرے بارے میں دریافت کریں تو (کہہ دو کہ) میں تو (تمہارے) پاس ہوں جب کوئی پکارنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں تو ان کو چاہیئے کہ میرے حکموں کو مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ نیک رستہ پائیں۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں: جناب اعظم درانی 23 جون، محمد شیراز خان ایم پی اے 23 جون، حاجی عبدالحق ایڈوائزر ٹو چیف منسٹر، فریڈرک عظیم غوری، میاں ضیاء الرحمان، صاحبزادہ ثناءاللہ، میڈم نسیم حیات، نوابزادہ ولی محمد، محمد زاہد درانی، منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

ضمنی بجٹ برائے مالی سال 16-2015 پر عمومی بحث

Mr. Speaker: Now General Discussion on Supplementary Budget, Maulana Lutf-ur-Rehman Sahib! Please.

مولانا لطف الرحمان (قائد حزب اختلاف): بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! اس وقت جس ضمنی بجٹ پر بحث کے حوالے سے آپ نے مجھے فلور دیا ہے، ضمنی بجٹ جب بھی پیش کیا جاتا ہے، دراصل وہ اس طرف اشارہ ہوتا ہے کہ حکومت کی جو منصوبہ بندی ہوتی ہے، وہ ناقص منصوبہ بندی شمار کی جاتی ہے اور یہ ہمارے محکموں کے جو بجٹ بناتے ہیں یا تو سال کے شروع میں جب بجٹ پاس کیا جاتا ہے تو اس میں اتنی کمی، کوتاہیاں رہ جاتی ہیں ان سے کہ یا تو اس کیلئے جس سکیم کو ضمنی بجٹ کے طور پر پاس کرنے کی کوشش کی جاتی ہے، اس کیلئے وہ رقم مختص نہیں کی جاتی یا جو منصوبہ بندی انہوں نے بجٹ کے حوالے سے کی ہوتی ہے اس کرنٹ بجٹ کے حوالے سے، اس سال کے حوالے سے، اس میں کمی اتنی آجاتی ہے کہ ان کو پھر ضمنی بجٹ کے طور پر پیش کرنا ہوتا ہے اسمبلی میں، جناب سپیکر! اپوزیشن ظاہر ہے کہ اس ضمنی بجٹ کے حوالے سے کوشش ان کی اس حوالے سے، تنقید کے حوالے سے یا اس کو Accept نہ کرنے کے حوالے سے جب بات کرتی ہے تو بنیادی طور پر میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کی نااہلی اس انداز میں بھی ہوتی ہے جناب سپیکر! کہ جب آپ سال کے دوران اس دورانیے میں جس پر بجٹ خرچ ہونا ہوتا ہے، جب آپ Re-appropriation کرتے ہیں اور کسی ایک سکیم سے پیسے اٹھا کر اس سکیم کو دیئے جاتے ہیں جو بجٹ میں سرے سے تھا ہی نہیں تو آپ ضمنی بجٹ پہ آگے چل کے آپ۔۔۔۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب! ایک منٹ، میں پوچھنا چاہتا ہوں، یہ جو ہمارے یہاں سیکورٹی کے جو ادارے ہیں اور خاصکر جو ہماری اپنی اسمبلی کی سیکورٹی ہے، میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کوئی سیکرٹری کی گاڑی کے اوپر تو پابندی نہیں، اگر کوئی ہے تو اس کو بالکل کلیئر کریں تاکہ سیکرٹری جو بھی آئے، وہ بالکل ڈائریکٹ آجائے اسمبلی میں، آپ مجھے پھر پلیز Clarify کرلیں۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر! حکومت بھی اس بات کو تسلیم کرتی ہے اور جب بجٹ تقریر آپ اس کی تفصیل دیکھیں اور اس میں جو گرانٹس مختص ہوتے ہیں، اس حوالے سے آپ اس کی پوری ڈیٹیل دیکھیں تو اس میں آپ کو یہ نظر آتا ہوگا کہ ایک سکیم موجود نہیں ہے، اس کیلئے پیسے رکھے گئے ہیں اور ایک سکیم ایسی ہے کہ دوسری سکیم سے پیسے اٹھا کے، دوسرے اضلاع کے پیسے اٹھا کے آپ اپنی مرضی سے ان پراجیکٹس کو وہ پیسے دیتے ہیں اور وہ اضلاع محروم رہ جاتے ہیں اور وہ سکیمیں ظاہر ہے، ہمیشہ اپوزیشن کے ساتھ اور ان ممبران کے ساتھ کہ ان کی خواہش کے مطابق حکومت ان کو جو دینا چاہتی ہے، وہ تھوڑا بہت دیا اور بقایا سارا دوسرے ڈیپارٹمنٹس، دوسرے پراجیکٹس کو شفٹ کیا جاتا ہے۔ تو جناب سپیکر! نااہلی تو یہاں سے بالکل سامنے ہوتی ہے اور آپ یہ بھی دیکھیں کہ میں ایک، اس کی تفصیل کے حوالے سے میں اس کی طرف آپ کو اشارہ کرتا ہوں کہ آپ یہ دیکھیں کہ Billion Trees کیلئے کوئی منصوبہ بندی نہیں کی۔ جناب سپیکر! سال کی سٹارٹ میں اس کی کوئی منصوبہ بندی نہیں تھی اور جو بجٹ مختص کیا جاتا ہے فارسٹ کیلئے، درخت لگانے کیلئے اور اس ڈیپارٹمنٹ کی بہتری کیلئے جو بجٹ مختص کیا گیا جناب سپیکر! اس منصوبہ بندی میں Billion Trees کا کوئی نام ونشان نہیں تھا لیکن درمیان میں Billion Trees کا وہ منصوبہ لایا گیا اور ظاہر ہے کہ پھر اس کو جب پیسے دینے تھے اس Billion Trees کیلئے تو وہ پیسے دوسری مدات سے اٹھائے گئے، اس کی منظوری نہیں تھی اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ حکومت کی نااہلی ہے کہ وہ سٹارٹ پر ہونا چاہیئے تھا کہ اس کیلئے منصوبہ بندی ہوتی، یہ اچانک ان کو خواب کہاں سے نظر آیا کہ ہم نے Billion Trees لگانے ہیں تو وہ منصوبہ بندی کیوں نہیں کی؟ جناب سپیکر! آپ یہ دیکھیں، ان کے سپلیمنٹری بجٹ کی بک ہے میرے پاس، آپ اس میں دیکھیں کہ اس کیلئے جب پیسے رکھے گئے تو دس روپے رکھے گئے 'ٹوکن منی' کے طور پر اور پیسے لئے کتنے جاتے ہیں جناب! وہ تین ارب 70 کروڑ روپے، تو آپ مجھے بتائیں کہ کس کو دھوکہ

دینا چاہتے ہیں؟ قوم کو، اسمبلی کے ممبران کو، اپنے آپ کو؟ اس کا کیا مطلب ہوا کہ وہ تین ارب 70 کروڑ روپے کہاں سے آئے، یہ میں سوال اٹھاتا ہوں، یہ میری گزارش ہے کہ آپ ہمیں ضرور یہ تفصیل بتائیں اور ہم چاہتے ہیں کہ یہ تفصیل ہمیں ملے کہ ہمیں یہ بتایا جائے کہ یہ تین ارب 70 کروڑ روپے آپ نے کن پراجیکٹس سے اٹھاکے Billion Trees کو دیئے، اس کی تفصیل ہمیں آپ ذرا بتائیں کہ ہمیں پتہ چلے اور ظاہر ہے کہ ضمنی بجٹ جہاں پہ آپ کو پیسے کی ضرورت ہوتی ہے تو پھر آپ کو ضمنی بجٹ پہ وہ لانا پڑتا ہے اور اس کو پاس کرنے کی ضرورت پڑتی ہے، تو مجھے ذرا بتایا جائے، اس کی تفصیل بتائی جائے کہ یہ پیسے کہاں سے آپ نے نکالے، کس کس مد سے نکالے، کس پراجیکٹ سے وہ پیسے نکالے اور پھر آپ نے Billion Tree کو یہ پیسے دیئے؟ جناب سپیکر! دوسری مثال اس حوالے سے میں یہ دینا چاہتا ہوں کہ قدرتی آفات آتی ہیں اور قدرتی آفات کے حوالے سے ہم نے جو بجٹ میں اس کی ایلوکیشن رکھی ہے، وہ کوئی پانچ ساڑھے پانچ ارب روپے ہے اور جب حکومت کو ضرورت پڑی تو وہ تقریباً کوئی ساڑھے سولہ ارب روپے اس کو دیئے، تو ہمیں بتایا جائے کہ یہ ساڑھے سولہ ارب روپے آپ نے کہاں سے دیئے اس کو؟ بجٹ ایلوکیشن ساڑھے پانچ ارب روپے ہے، آپ اس کو سولہ ارب روپے دے رہے ہیں تو مجھے یہ بتایا جائے، قدرتی آفات کوئی Assess نہیں کر سکتا، نہیں پتہ ہوتا کہ قدرتی آفات آنی ہیں لیکن یہ تو ہمیں سمجھ میں آتا ہے نا کہ پہلے اس طرح کی آفات آئیں، اس کیلئے ہمیں کیا کیا تکالیف ہوئیں، کہاں کہاں ہمارے نقائص تھے اور کہاں کہاں ہمیں پرابلمز تھے، ان تجربات سے فائدہ اٹھاکے ہونا یہ چاہیئے تھا کہ اس کیلئے آپ پوری رقم رکھیں، صحیح رقم رکھیں اور اگر اللہ تعالیٰ ہمیں بچائے قدرتی آفات سے، قدرتی آفات نہیں آتیں تو پھر ظاہر ہے وہ پیسے آپ اٹھاکے کسی اور پراجیکٹ میں دے سکتے ہیں جو زیادہ بہتر طریقے سے آپ اس کو کر سکتے ہیں۔ جناب سپیکر! اب آپ دیکھیں، موجودہ جو بجٹ ہے، اس میں کوئی ساڑھے چار ارب روپے رکھے گئے ہیں ابھی اس دفعہ، پہلے ساڑھے پانچ ارب روپے، اس کے بعد آپ اس کو رکھتے ہیں، لگاتے ہیں ساڑھے سولہ ارب اور اب اس سال پھر آپ نے اس کیلئے ساڑھے چار ارب روپے رکھے ہیں، تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ناقص منصوبہ بندی کی بنیاد پر کیا گیا ہے، اس کو چاہیئے تھا کہ پھر آپ اس کے پیسے پورے رکھیں کہ اگر دوبارہ خدانخواستہ قدرتی آفات آئیں تو آپ دوسرے پراجیکٹس کو ڈسٹرب نہ کریں اور وہاں سے آپ وہ پیسے نہ اٹھائیں اور وہ آپ اس

کو دیں۔ اچھا، اس حوالے سے میں یہ بات کرنا چاہتا ہوں، شاہرات کے حوالے سے، سڑکوں کے حوالے سے آپ دیکھیں جناب سپیکر! کہ آپ نے اس کیلئے پیسے رکھے ہیں اور وہ تقریباً پورے آپ نے کوئی 2.262 ارب روپے کی سپلیمنٹری، اس میں آپ نے یہ پیسے رکھے ہیں جناب سپیکر! ٹھیک ہے، یہ کسی حد تک ایک فگر آپ نے جو دیا ہوا ہے اور وہ فگر اس حوالے سے پورے فگر کے حوالے سے آپ نے دیا ہے، تو جناب سپیکر! میں یہ سمجھتا ہوں، شاید اس میں آپ پھر بھی تھوڑا بہت کام کر لیں لیکن میں جہاں تک سمجھتا ہوں کہ میں نے ابھی پچھلے بجٹ کے حوالے سے جو تقریر کی، اس حوالے سے اگر آپ دیکھیں اس کو، تو میں نہیں سمجھتا ہوں کہ پچھلے 16-2015 کے بجٹ کی پاس کی ہوئی سڑکیں اب تک جو ہیں، اس کے ٹینڈرز نہیں ہوئے، رواں سال کے جو ٹینڈرز تھے، وہ بھی اسی Type پر ہو رہے ہیں تو سڑک بن نہیں رہی، اس کیلئے آپ وہ پیسہ مہیا نہیں کر سکتے، آپ وہ پیسہ لگا نہیں سکتے اور پھر میں سمجھتا ہوں کہ اس سال سپلیمنٹری بجٹ 26 ارب تین کروڑ روپے سے کہیں زیادہ ہے اور اس کا Exact figure تو میں شاید آپ کو نہ بتا سکوں کہ کتنا ہے؟ لیکن بہت زیادہ ہے اور جو آپ کا Revised budget ہے، اس سال سپلیمنٹری میں جو دکھایا گیا ہے جناب سپیکر! اس سے کہیں زیادہ آپ کا یہ بجٹ ہے اور فگر کی ہیر پھیر سے آپ اسمبلی کے ممبران کو، آپ قوم کو اس حوالے سے دھوکا دینا چاہتے ہیں، کوئی دھوکے میں نہیں رہ سکتا اور یہ سال کے آخر میں پھر آپ کے سامنے یہ چیزیں ساری آئیں گی اور جس طرح ہم نے اس وقت خسارے کا بجٹ پیش کیا، بات کی اور آج بھی ہم اسی خسارے کی بات کرتے ہیں لیکن مجھے سمجھ میں نہیں آتا کہ چیف منسٹر صاحب نے کل بات کی اس حوالے سے کہ ہمیں مرکز سے پیسے ملیں گے اور میں نے اسی کی نشاندہی کی تھی اور آج میں پھر وہ سوال اٹھانا چاہتا ہوں کہ یہ پچھلے سال اگر آپ کو اس کے پیسے نہیں ملے، اس سال آپ کس بنیاد پر یہ سمجھتے ہیں کہ وہ پیسے مجھے ملیں گے؟ مجھے اس حوالے سے بڑی حیرانگی ہو رہی ہے۔ کل جو چیف منسٹر صاحب جس حوالے سے دعوے کر رہے تھے اور بجلی کی پیداوار کے حوالے سے یا جو واپڈا پر اعتراضات تھے، میں سمجھتا ہوں کہ مجھے یہ بتایا جائے کہ جو پیسہ صوبے کو آ سکتا ہے، مستقل آمدنی کے طور پر آپ کو وہ پیسہ مل سکتا ہے، آپ وہ پراجیکٹس جو بجلی کی پیداوار کے، صوبے کے اخراجات سے آپ بنا رہے ہیں یا پچھلی حکومتوں نے اس کو شروع کیا یا وہ آج مکمل ہونے ہیں، ان کو تو آپ پرائیویٹائز کر رہے ہیں، اس کو تو آپ بیچ

رہے ہیں اور جو مستقل آپ کی آمدن کا ذریعہ ہے جناب سپیکر! اس کو بیچا جارہا ہے اور وہ مستقل آمدن بھی ختم ہو گی، میں یہ سمجھتا ہوں کہ مستقل جو سکینڈلز آرہے ہیں حکومت کے حوالے سے، آج کل کے اخبارات آپ اٹھا کے دیکھیں اور اس میں آپ 'The News' اخبار کی ہیڈلائنز دیکھیں، اس کے Main page پہ آپ دیکھیں کہ PEDO کے حوالے سے جو Energy Development Organization ہے آپ کی، اس کے جو ڈائریکٹر ہیں، اس کا جو چیئرمین ہے، انہوں نے استعفیٰ دے دیا اور الزامات لگادیئے حکومت پر، تو ہم تو جب بات کرتے ہیں، ہم نے تو پچھلے دنوں جب باتیں کی ہیں، جو تفصیل ہم نے بیان کی کہ یہ صورتحال جو جتنی بھی آپ کے سامنے آئی ہے تو یہ آپ کے اداروں کے سربراہوں نے ہی آپ کی حکومت پر الزامات لگائے۔ خیبر بینک کے حوالے سے کل جو چیف منسٹر صاحب نے بات کی کہ ہم نے ایک رپورٹ پیش کی، رپورٹ کی جو انکوائری ہوئی کہ ہم خود انکوائری کرنا چاہتے تھے، اس مسئلے کی اس بنیاد تک پہنچنا چاہتے تھے اور اس کی ہم نے ایک رپورٹ بنائی ہے، رپورٹ ہمیں ملی لیکن ہم نے تو Openly یہ بات کی ہے کہ اس رپورٹ کے حوالے سے نہیں بلکہ ہم نے کہا کہ یہ آپ کے اصول اور قاعدے ہیں کہ جوڈیشل کمیشن بنایا جائے اور خیبر بینک کیلئے ہم نے یہ مطالبہ کیا ہے کہ جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، یہ نہیں کہ ہم اس کو دیکھیں اور اس رپورٹ کے حوالے سے بات کریں یا ہم مزید اس میں کوئی بات کرنا چاہتے ہیں تو اپوزیشن کی طرف سے ایک مطالبہ آیا ہے کہ آپ اس کو جوڈیشل کمیشن کو دیں اور چیف جسٹس کی سربراہی میں آپ اس کی انکوائری کرائیں اور پھر جو رپورٹ سامنے آئے تو وہ پھر ایوان میں بھی بتائی جائے اور قوم کو بھی بتائی جائے۔ جناب سپیکر! اب کل کا جو واقعہ ہوا ہے، PEDO کے حوالے سے ہوا ہے، اس کے ڈائریکٹر اور چیئرمین نے استعفیٰ دیا اور الزامات سارے حکومت کے اوپر لگائے اور جس طرح انہوں نے اس حوالے سے بات کی کہ نہ تو اس کو کوئی توجہ دی گئی، نہ اس پہ اس حوالے سے کوئی منصوبہ بندی کی گئی لیکن صرف ہوائی باتیں اور صرف سٹیج پر باتیں کرنا تو بہت اچھی لگتی ہیں لیکن عملاً اس پر عمل کرنا یہ تو مجھے تین سالوں میں نظر نہیں آیا اور مجھے جناب سپیکر! اس حوالے سے بھی بڑا افسوس ہے کہ ہمیشہ پچھلی حکومتوں کو دوہائی دی جاتی ہے کہ پچھلی حکومت اور پچھلی حکومت اور ہمیں ورثہ میں کیا ملا اور ہمیں ورثہ میں کیا دیا؟ اب ہم سمجھتے ہیں کہ ہم تین سال گزارنے کے بعد اب بھی وہی بات کریں کہ جی پچھلی حکومت نے

ہمیں کیا دیا؟ ابھی تو آپ کی پالیسیاں آپ نے دی ہیں، ہم تین سال کی کارکردگی کے حوالے سے بات کرتے ہیں اور اسی کے حوالے سے ہم جواب مانگتے ہیں اور اس پر ہم بات کرتے ہیں، میں یہ سمجھتا ہوں، میں نے پچھلے دنوں جو تقریر کی، اس میں میں نے ایجوکیشن کے حوالے سے بات کی، کل چیف منسٹر صاحب نے ایجوکیشن کے حوالے سے جو باتیں بتائی ہیں تو میں اس حوالے سے بات کرنا چاہتا ہوں کہ میں نے بھی سوال اٹھایا تھا اور جو یکساں نظام تعلیم اور اس حوالے سے جو سوال اٹھائے تھے، میں اس کو دوبارہ اس طرح Repeat نہیں کرنا چاہتا ہوں، سردار حسین بابک صاحب نے بھی کل اس حوالے سے بات کی اور جو جواب جس انداز میں ملا، وہ پھر وہی پچھلی حکومتوں کی دوہائی کہ اس کی وراثت میں کیا ملا اور کیا نہیں ہوا؟ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ تین سال کی کارکردگی کے حوالے اور جو بات چیف منسٹر صاحب نے کی کہ ہم نے پانچ کمروں کے سکول کی منظوری دی، وہ دو کمروں کے سکولز ہوا کرتے تھے، اس میں فلاں چیز نہیں ہوتی تھی، فلاں نہیں ہوتی تھی، ہم یہ نہیں کہتے کہ وہ کمزوریاں نہیں تھیں، ہم اس حوالے سے بات نہیں کرنا چاہتے کہ اس میں کمی بیشیاں نہیں تھیں، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ تین سال ہو گئے ہیں، میں نے یہ سوال اس وقت بھی اٹھایا تھا اور اب پھر سے کر رہا ہوں، میں کم از کم اپنے حلقے کی بات تو کر سکتا ہوں، اگر پورے صوبے کی بات میں کروں، تمام ممبران بیٹھے ہیں، ان کو اپنے حلقوں کے حوالے سے اس کی تفصیل معلوم ہو گی لیکن میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ تین سالوں میں ایک سکول بنا نہیں ہے تو ہم کیسے کہیں کہ وہ کارکردگی اس حوالے سے، وہ کوئی سکول کمپلیٹ نہیں ہوا اور وہ ٹیچرز کے حوالے سے ہمیں وہ سہولت ملی نہیں ہے جس پر ہم بات کریں۔ میں ایک گزارش ضرور کرنا چاہوں گا کہ باتوں کی حد تک نہیں، فیس بک پہ آپ بہت کچھ کہتے رہتے ہیں، فیس بک والے بھی کہتے ہیں کہ بھئی اب بہت کچھ آپ نے فیس بک پہ بنا لیا، عملی طور پر کوئی کچھ کریں، عملی طور پر کوئی چیز سامنے آئے جو دعوے کئے گئے تھے، میں نے اس ٹائم پہ بھی اس کو سامنے لایا اور میں اسلئے وہ ساری باتیں دوبارہ کر رہا ہوں کہ کل چیف منسٹر صاحب نے تفصیل سے وہ جو ایک سال پہلے شروع میں تقریر کی تھی، اسی تقریر کو Repeat کیا ہے تو پورے تین سالوں کے بعد تو ہمیں اس کا ریزلٹ چاہیئے تھا، اس کے نتائج چاہیئے تھے کہ جس حوالے سے بات ہوئی اور ہم ایک ایک پہ بات کر سکتے ہیں کہ وہ کس طریقے سے اس کی خلاف ورزی ہو رہی ہے؟ اس میں میں سمجھتا ہوں کہ میری ایک گزارش ہو گی کہ

منصوبہ بندی کے حوالے سے جو استعداد ہے ڈیپارٹمنٹ کی، حکومت کو اس پہ توجہ دینی چاہیئے، اس کی استعداد کو بڑھانا چاہیئے اور اس طرح کے جو جو ضمنی بجٹ ہوتے ہیں، اس کی شاید ضرورت نہ پڑے کہ جو جو سکیمیں آپ کی استعداد ہو تیں تو ہم پہلے سے وہ پیسے رکھتے اس ڈیپارٹمنٹ کیلئے، ان محکموں کیلئے ہم وہ پیسے رکھتے اور وہ پراجیکٹس سال میں کمپلیٹ ہوتے، اگر وہ کمپلیٹ نہیں ہوتے، اچھا ایسے بھی پراجیکٹس ہوتے ہیں کہ جن کیلئے حکومت پیسے رکھتی ہے لیکن اس پہ کوئی کام نہیں ہوتا اور کوئی پوچھ گچھ ان سے نہیں ہوتی کہ بھئی سال کے آخر تک آپ نے وہ پیسہ خرچ کیوں نہیں کیا؟ آپ کو پھر اس کی ضرورت پڑتی ہے کہ Re-appropriation کریں اور دوسرے محکموں کو دیں اور پھر آپ اس کو اس طرح ایڈجسٹ کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو پہلے سے ان پراجیکٹس کیلئے جو آپ کر سکتے ہیں، اہلیت ہے تو اس کو زیادہ پیسے دیں تاکہ وہ مکمل کئے جا سکیں اور جو آپ نہیں کر سکتے اور آخر میں آپ کو 'سرنڈر' کرنا پڑتے ہیں وہ پیسے تو اس میں اس لیول تک اس ڈیپارٹمنٹ میں آپ نہ رکھیں، تو یہ کم از کم کوئی جزاو سزا کا بھی کوئی عمل ہونا چاہیئے اور اس کی استعداد بھی اس ڈیپارٹمنٹ کی بڑھانی چاہیئے تاکہ وہ بجٹ پیش کریں تو پھر اس میں ان کو یہ کمی کوتاہیاں جس کی ضمنی بجٹ کے تحت آپ ان پراجیکٹس کو منظور کرانے کی کوشش کرتے ہیں اور وہ بھی اس طرح کہ جس کی میں نے نشاندہی کی اور وہ Billion Trees کے حوالے سے کہ تین ارب 70 کروڑ روپے رکھے ہیں اور Token Money کیلئے صرف دس روپے رکھے ہیں تو یہ کیسے Match ہو گا، کیوں؟ مطلب ہے کہ ایوان سے بھی، ممبران سے بھی، قوم سے کیوں جھوٹ بولا جاتا ہے کہ وہ پیسے اس طریقے سے نہیں رکھے جائیں گے، اس حوالے سے میری گزارش ہے کہ اس کی پوری تفصیل ہونی چاہیئے ضمنی بجٹ کے حوالے سے کہ جو آپ نے رکھے ہیں اور اگر آپ اس کی تفصیل بتادیں تو تھوڑا سا ممبران کو بھی پتہ چلے گا کہ ان کے ضلعوں سے کہاں سے پیسے اٹھائے گئے ہیں اور کس طرح ان کو Billion Trees اور اس مد میں یا ان کی مرضی کے مطابق جو ہے، حکومت کی مرضی کے مطابق وہ پیسے ان کے اضلاع سے اٹھائے گئے ہیں یا ان کے حلقوں سے اٹھائے گئے ہیں اور کس طرح ان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اور ان کے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے انصاف کی حکومت میں؟ جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ لفظ "سیاست"، مجھے اعتراض ہے اس کے اوپر، میں کل چیف منسٹر صاحب کی تقریر سن رہا تھا تو ایجوکیشن میں سیاست، پولیس میں

سیاست، فلاں محکمہ میں سیاست، فلاں محکمہ میں سیاست، جناب سپیکر! "سیاست" کا مطلب کیا ہے؟ وہ تو پہلے ہمیں سمجھایا جائے کہ "سیاست" کس چیز کو، کس چیز کا نام ہے، کس چڑیا کا نام ہے؟ لفظ "سیاست" کو اس طرح استعمال کرنا کہ جیسے وہ کوئی کبیرہ گناہ ہو اور "سیاست" کا مطلب تو قوم اور ملک کے بہتر مستقبل کیلئے وہ تدبرانہ فیصلے ہیں کہ جو قوم کے حق اور اس کی بھلائی کیلئے ہوا کرتے ہیں، "سیاست" کا مطلب تو یہ ہے، اب اگر ہم یہ شور مچائیں کہ ہم نے پولیس میں سیاست ختم کر دی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی زیادتی ہو گی ایک "سیاست" کے ساتھ بھی اور پولس کی کارکردگی کے حوالے سے جو کچھ ہو رہا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی ایک بہت بڑی افسوسناک بات ہے کہ پولیس بنی تو کرائمز کیلئے ہو، کرائمز پہ کوئی کنٹرول نہ ہو اور نہ پوچھیں آپ اس سے کہ کیا کچھ ہو رہا ہے اور اگر تھانے کے لیول پہ جو کچھ ہو رہا ہے، وہ آپ نہ پوچھیں ان سے اور کوئی اس حوالے سے کہ لوگوں کے ساتھ کیا رویہ ان کا ہوتا ہے اور کس انداز میں لوگوں کو ڈیل کیا جاتا ہے، ان کے مسائل کو، ان کے جو لوکل وہاں پہ مسائل ہوتے ہیں، وہ کس طرح سے ڈیل کئے جاتے ہیں اور آپ پولیس کو تو کوئی ریلیف اس انداز میں دے نہ سکے اور بات کریں آپ یہ کہ کرائمز جو ہیں وہ ہر سطح پر چاہے وہ بھتہ خوری میں ہوں، چاہے وہ ڈاکہ زنی میں ہوں، چاہے ٹارگٹ کلنگ میں ہوں، فورسز کو ٹارگٹ کیا جائے، لوگوں کو ٹارگٹ کیا جائے، تاجروں کو ٹارگٹ کیا جائے لیکن ہم نے یہ واویلا ضرور مچانا ہے اور وہ ساری چیزیں ریکارڈ پر ہیں، اس کو تو کنٹرول ہم نہ کر سکیں لیکن یہ ضرور بتانا ہے کہ "سیاست" ہم نے پولیس میں ختم کر دی، اس کا کیا مطلب ہے؟ یعنی اگر کسی بھی غلط کام کو آپ نے نام دینا ہے تو خدا کیلئے اس کو نام کوئی اور دو "سیاست" کا نام کیوں دیتے ہیں، آپ کم از کم لفظ "سیاست" کو تو معاف کر دیں کہ یہ "سیاست" ہم نے کرنی ہے، ہم سب لوگ سیاسی پارٹیاں اپنے آپ کو پھر سیاسی پارٹی اب بدل کے کوئی اور نام رکھ دینا چاہیئے، یہ کونسا طریقہ ہے کہ آپ اس لفظ "سیاست" کو خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں؟ جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ کل چیف منسٹر صاحب نے صحت کے حوالے سے بات کی کہ اس محکمے میں ہم نے بہت ریلیف دیئے ہیں اور ہم نے تنخواہیں بڑھائی ہیں، ہم نے یہ کیا ہے اور ہم نے وہ کیا ہے، جناب سپیکر! تنخواہیں بڑھائی ہیں، بالکل بڑھائی ہوں گی، ان کے گریڈز اپ گریڈ کئے ہوں گے، ہو چکے ہوں گے لیکن جو عام آدمی کو سہولت ملنی ہے، علاج معالجے کے حوالے سے میں سمجھتا ہوں کہ اس میں حکومت ناکام

ہے اور ہر لحاظ سے ناکام ہے۔ تین سالوں میں، میں اپنے علاقے کی بات کروں تو کوئی ڈاکٹر وہاں پہ ہے ہی نہیں تو علاج کس طرح ہوگا؟ غریب آدمی کی وہ سہولت ہی موجود نہیں ہے، ہونا تو یہ چاہیئے کہ وہ سہولیات ہم دیں اور ہم تین سالوں کی کارکردگی کے حوالے سے یہ سوال اٹھاتے ہیں اور ہم یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ اس کو وہ سہولیات آپ نے دی ہیں، میری جو معلومات ہیں اور جو مجھے سمجھ میں آیا ہے اور تھوڑا سا میں نے اس کو سٹڈی کیا ہے تو جناب سپیکر! امریکہ میں بیٹھا ہوا ایک شخص جاوید برکی وہ Skype پہ Daily basis پہ انسٹرکشنز دیتا ہے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو اور پورا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ اس کی انسٹرکشنز پہ چلتا ہے تو یہ ہماری، اچھا ایک بندہ امریکہ میں بیٹھ کے وہ ہمارے حالات اور ہمارے ماحول اور ہمارے کلچر اور ہماری اس پسماندگی میں وہ آکے ہمیں ڈائریکشن دے گا کہ اس کو اس طریقے سے کرنا چاہیئے، اس طریقے سے کرنا ہے، تو میں سمجھتا ہوں کہ عملی طور پر وہ چیز کبھی بھی سامنے آئے گی نہیں اور اس حوالے سے جو ناکامی ہوگی، وہ حکومت کے سامنے آگے بھی آئے گی اور یہ واویلا چھوڑ دیں کہ پچھلی حکومت میں ہمیں وراثت میں کیا ملا، اپنے تین سال کی کارکردگی کو ظاہر کرنا چاہیئے کہ ہم نے کیا کیا؟ جناب سپیکر! کل پٹواری کلچر پر بھی بات ہوئی، میں نے اس دن بھی ذکر کیا تھا اور میں آج پھر بانگ دہل کہتا ہوں کہ پٹواری کلچر میں اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ پٹوار خانے میں اب وہ کام نہیں ہو رہا ہے تو یہ آپ کی غلط فہمی ہے، پٹوار خانے میں نہیں اس کے گھر میں جا کر جو کچھ ہوگا، جو کمیشن پٹواری کا ہے، جو پٹواری کا کلچر ہے، شاید اس سختی سے ان پر مزید اس کمیشن میں اضافہ ہوا ہوگا، وہ کمیشن نیچے نہیں آئے گا کہ گورنمنٹ کی طرف سے تھوڑی سی اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم نے سختی کی ہے اور وہ کمیشن نہیں لیں گے تو عام پبلک کی جو آواز ہوتی ہے، وہ "زبان خلق نقارہ خدا" تو یہ وہ لوگوں کی آواز ہے کہ وہ کمیشن تسلسل کے ساتھ وہ لوگ لے رہے ہیں اور لوگ دے رہے ہیں، یہ بات اگر آپ اپنے آپ کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں، پارلیمنٹ میں اپنے آپ کو اس تقریر سے تسلی دینا چاہتے ہیں، بے شک دیں لیکن یہ پھر ہوگا دھوکہ، اپنے آپ کے ساتھ دھوکہ ہوگا اور اپنے آپ کو دھوکہ دے رہے ہوں گے۔ کل بے روزگاری کے حوالے سے بات ہوئی، ہم روزگار فراہم کریں گے، صنعتیں قائم کریں گے، صنعتوں سے روزگار آئے گا، جناب سپیکر! میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہم یہ واویلا مچا رہے ہیں کہ آپ کی بد امنی کی وجہ سے تاجر برادری، کاروباری حلقہ، لوگ، پڑھے لکھے لوگ آپ کو چھوڑ کر جا رہے ہیں، آپ کا

صوبہ چھوڑ رہے ہیں، وہ پاکستان چھوڑ رہے ہیں، آپ کہتے ہیں کہ ہم صنعتیں لگائیں گے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہم نے اس دن بھی کہا تھا کہ امن وامان معیشت کے ساتھ لازم وملزوم ہے، جب تک امن وامان کا قیام نہیں ہو گا، معیشت مضبوط نہیں ہو سکتی اور جب معیشت مضبوط نہیں ہو گی تو روزگار آپ کہاں سے دیں گے ؟ روزگار تو آپ تب دے سکتے ہیں کہ جب آپ امن قائم کریں، آپ لوگوں کو یہ ٹرسٹ دلا سکیں اور وہ ٹرسٹ دلانا حکومت کی ذمہ داری ہے اور وہ امن قائم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ امن قائم ہو اور آپ لوگوں کو وہ اعتماد دلائیں اور وہ لوگ یہاں پہ بیٹھیں اور پھر کاروبار کریں اور پھر آپ روزگار کی بات کریں کہ ہم روزگار فراہم کریں گے، صنعتوں کا قیام ہو گا اور یہ سب کچھ ہو گا تو تب یہ خواب شرمندہ تعبیر ہو گا جب آپ قوم کو امن دیں گے، اگر ہو گا یہی جیسے یہ سلسلہ چل رہا ہے، آپ ڈی آئی خان سے لیکر اس پورے صوبے کے اندر نظر دوڑائیں اور اس کے واقعات آپ دیکھیں تو روز کوئی نہ کوئی ٹارگٹ کلنگ ہو رہی ہے، کوئی Sectarian کی بنیاد پر، کوئی بھتہ خوری کی بنیاد پر، کوئی فورسز پہ ہو رہے ہیں، تو یہ جو ساری چیزیں ہیں، یہ اس طرف نشاندہی کر رہی ہیں، کمزوری کی طرف نشاندہی کر رہی ہیں اور یہ کمزوری جو ہے، وہ جو آنے والا ٹائم ہو گا وہ بہت بڑے نقصان کا پیش خیمہ ہمارے لئے ثابت ہو گا، تو ہمیں اس طرف توجہ دینا بہت ضروری ہے جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! اسی روزگار کے حوالے سے میں بات کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت کی تین سالہ پالیسی معدنیات کے حوالے سے، ہمارا صوبہ معدنیات کے حوالے سے مالا مال ہے اور تین سال سے آپ نے اس کی پالیسی کو کہ ہم نئی پالیسی بنا رہے ہیں اور آج تک کوئی پالیسی سامنے نہیں آئی، جب آپ لوگوں کو معدنیات کے حوالے سے سہولت نہیں دیں گے، وہ لیز نہیں دیں گے، آکشن نہیں ہو گی، معدنیات کی پالیسی، تین سال سے سب کچھ بند ہے تو جب آپ یہ نہیں دیں گے تو روزگار کیسے بڑھے گا، لوگوں کو روزگار آپ کس طرح فراہم کر رہے ہیں ؟ دعویٰ جو ہے وہ بالکل تضاد ہے، اس بات کا آپ جو کچھ کر رہے ہیں۔ اگر یہ پالیسی اب تک تین سالوں میں آپ دے نہیں سکے تو قوم کو کیا دیا ہے حکومت نے، ہمیں بتائے کہ ان تین سالوں میں کیوں پابندی لگی ہوئی ہے اور کس طرح آپ روزگار کے مواقع فراہم کر رہے ہیں، کس طرح وہ کاروبار آپ بڑھا رہے ہیں، کم از کم اس حوالے سے کوئی جواب تو ہونا چاہیئے کہ ہم جو دعویٰ کر رہے ہیں وہ حقیقت کے ساتھ مطابقت دکھاتا ہے کہ نہیں ؟ کہ وہ منفی۔۔۔۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب!

قائد حزب اختلاف: اس پہ جاتا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب کا بڑا احترام، بس میں احترام کے ساتھ یہ کہوں گا کہ ضمنی بجٹ پہ، سپلیمنٹری بجٹ پہ آپ کی۔۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: ایک دو باتیں سپیکر صاحب! یہ بہت ضروری تھیں کیونکہ کل چیف منسٹر صاحب کے حوالے، اس حوالے سے لمبی ایک تقریر آئی ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ تھوڑی بہت ہمیں وہ چیزیں بتائیں تاکہ ان کو پتہ ہو، یہ نہ ہو کہ وہ بھی اندھیرے میں رہیں، حکومت بھی اور ممبران بھی اور یہ ان کو پتہ نہ ہو کہ جو چیزیں کہی جارہی ہیں، ان کو عملی شکل کس طرح دینی ہے؟ اگر میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارا جو ملک ہے، وہ نیشنل سیکورٹی پالیسی کی بنیاد پہ چلتا ہے، نیشنل سیکورٹی پالیسی کی بنیاد پر چلتا ہے اور جو ہم دعوے کر رہے ہیں نا، وہ سوشل سیکورٹی نظام کی بات کرتے ہیں لیکن آپ مجھے بتائیں کہ جب نیشنل سیکورٹی پالیسی پر ملک چلے گا اور آپ بات کریں گے سوشل سیکورٹی کے حوالے سے تو یہ مطابقت نہیں کہیں گے، آپ کو حقیقت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر آپ سوشل سیکورٹی کی طرف جاتے ہیں، آپ لوگوں کو وہ سب کچھ دینا چاہتے ہیں جو ان کا حق بنتا ہے تو آئیں لیجسلیشن کریں اور آپ عام آدمی کیلئے اس طرح کا قانون بنائیں کہ ان کا وہ حق بنتا ہو کہ ان کو تعلیم ملے، ان کو صاف پانی ملے، ان کو گھر ملے، ان کو روزگار ملے، ان کو صحت ملے، صحت کے حوالے سے ان کو وہ ساری سہولیات ملیں، تو آئیں آپ لیجسلیشن کریں اور یہ آپ ایک حق دے دیں ان لوگوں کو تاکہ کل کو اگر کسی کو وہ حق نہ ملے تو وہ کورٹ میں جاسکے اور کورٹ کے ذریعے سے وہ حق لے سکے۔ آئیں ہم اس حوالے سے آپ کے ساتھ تعاون کریں گے لیکن یہ نہیں ہوسکتا، جناب سپیکر! کل اس حوالے سے بھی بات ہوئی، کسٹم ایکٹ کے حوالے سے یہ ہمارے فاٹا اور ان اضلاع کی بات ہوئی، حکومت کہتی ہے کہ ہم نے چوری کی گاڑیوں اور جو نان کسٹم پیڈ گاڑیاں ہیں، اس حوالے سے بات کی تھی، باقی ٹیکسز کے حوالے سے بات نہیں کی تھی، میں ایک بات کہہ دینا چاہتا ہوں کہ جب ایک معاہدہ آپ کا اس علاقے کے ساتھ، سٹیٹ کا معاہدہ اگر سو سال کا معاہدہ ہے کہ ہم ٹیکس نہیں لگائیں گے تو آپ کس طرح سے وہ ٹیکس لگا سکتے ہیں، وہ معاہدہ کدھر جائے گا؟ یہ ملک کی جو بنیادیں ہوتی ہیں وہ اسی بنیاد پر ہوتی

ہیں اور انہی معاہدات کی وجہ سے آج بھی ہم مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں تو انہی معاہدات کی وجہ سے کر رہے ہیں، اگر آپ اس معاہدے کی خلاف ورزی کریں، چاہے اس کو کوئی بھی نام دیں، آپ نان کسٹم پیڈ گاڑی کا نام دیں، چاہے اس کو چوری کی گاڑی کا نام دیں لیکن آپ ٹیکس نہیں لگا سکتے، اگر آپ ٹیکس لگائیں گے تو آپ معاہدے کی خلاف ورزی کریں گے، چاہے وہ چوری کی گاڑی کے حوالے سے ہو، چاہے وہ دوسرے ٹیکسز کے حوالے سے ہو، جب ایک دفعہ آپ اس کا راستہ کھولیں گے تو پھر تمام ٹیکسز لگائے جا سکتے ہیں اور اگر آپ نے اس معاہدے کا پاس رکھنا ہے تو پھر آپ کوئی ٹیکس نہیں لگا سکتے، آپ نے ٹیکس نہیں لگانا اس میں۔ (تالیاں) تو جناب سپیکر! یہ سنجیدہ باتیں ہوتی ہیں کہ جس کو آپ اس طرح Normally، اچھا مجھے اس پر بھی افسوس ہو رہا ہے کہ اپیکس کمیٹی میں یہ بات سامنے آئی اور پھر ہم نے اس کو تجویز بنا کر پیش کیا کہ اس کو ٹیکس لگانا ہے اور گاڑیوں پر ٹیکس لگانا ہے، یہ اپیکس کمیٹی کا کام تو نہیں ہے کہ وہاں سے وہ تجویز آئے اور ہم اس کو لاگو کریں اور ہم اس کو تجویز دیں کہ یہ ہم نے ٹیکسز لگانے ہیں، یہ تو اسمبلی کا کام ہے، آپ کا کام ہے، حکومت کا کام ہے کہ وہ سوچے، قوم اور عوام کی بھلائی کے حوالے سے وہ بات کرے اور وہ ساری چیزیں سامنے رکھی جائیں تب جا کے ہم اس طرح کے مشورے دے سکتے ہیں یا اس طرح کی بات آگے لا سکیں کہ نہیں یہ ٹیکس لگایا جائے، کیوں لگایا جائے؟ جب ایک معاہدہ ہے، آپ لگا نہیں سکتے، آپ کو یہ حق حاصل نہیں ہے، آپ اس معاہدے کی پاسداری نہیں کریں گے تو پھر یہ ملک کیسے چلے گا، یہ علاقے کیسے چلیں گے، کس طریقے سے آپ اس کو چلا سکتے ہیں؟ تو یہ ایک اہم بات تھی اور میں یہ حکومت کی توجہ اس بات پہ دلانا چاہتا ہوں کہ اس پہ مضبوط سٹینڈ لینا چاہیئے کہ کوئی بھی ٹیکس اس علاقے پہ نہیں ہونا چاہیئے جب تک معاہدے کے دن پورے نہیں ہوتے، معاہدے کے بعد آپ جو ٹیکس لگانا چاہتے ہیں جناب سپیکر! آپ لگائیں۔ جناب سپیکر! میں حکومت سے اس حوالے سے یہ بھی ایک درخواست کروں گا، یونیورسٹیوں کے حوالے سے اور میں نے خاص طور پر گومل یونیورسٹی کا ذکر کیا تھا کہ وہ مالی بحران کا شکار ہے، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ اس کو وہ گرانٹ ملے اور وہ یونیورسٹی آگے چلے، تعلیمی ادارہ ہے، ہم اسی کی بات کرتے ہیں اور تعلیم پہ زیادہ زور دیتے ہیں لیکن جو میں سمجھتا ہوں کہ اس حوالے سے بالکل اگر اس پہ توجہ نہیں دی جا رہی تو پھر تعلیم کیسے حاصل ہو گی اور وہ یونیورسٹی کیسے آگے چلے گی؟ اگر

آپ اس کو گرانٹ نہیں دیتے، آپ اس کو پیسے نہیں دیتے تو وہ لازمی بات ہے کہ ان کے ریسورسز کو بڑھایا جائے، اس کو اس بنیاد پر لایا جائے تاکہ وہ خود کفیل ہو اس حوالے سے اور وہ تعلیم دے سکے اور پھر وہ علاقہ جو دہشتگردی اور اس کے زمرے میں آیا ہو، بم بلاسٹنگ اور کتنے نقصانات اور اس کے ساتھ ٹرائبل کا علاقہ لگتا ہو تو وہاں تو اور ضرورت ہوتی ہے کہ آپ تعلیم دیں، جب تعلیم آئے گی تو اس طرح کے مسائل ختم ہوں گے، تعلیم کے مواقع مزید آپ دیں گے تو وہ ختم ہوں گے اور ایک بات کل چیف منسٹر صاحب نے اور کہی تھی اور وہ یہ تھی، لفٹ کینال کے حوالے سے انہوں نے بات کی تھی، میں سمجھتا ہوں کہ بالکل ہم تمام نے پوری حکومت کی طرف سے، اپوزیشن کی طرف سے ہم نے فیڈرل سے اس حوالے سے جو احتجاج کیا یا آواز اٹھائی، سب نے مل کے اٹھائی ہے اور آج اگر اس پراجیکٹ پر، بہت بڑا پراجیکٹ ہے جناب سپیکر! کوئی چھوٹا پراجیکٹ نہیں ہے، 120 ارب روپے کا اگر یہ پراجیکٹ ہے تو یہ صرف 120 ارب روپے کے حوالے سے آپ اس کو دیکھ سکتے ہیں لیکن جو اس کے فوائد ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا جو صوبہ ہے، اناج کے حوالے سے ہم اگر دوسرے صوبوں سے اور دوسرے ملکوں سے شاید منگوائیں تو ہمیں اس کی ضرورت نہیں پڑے گی بلکہ دے سکیں گے لیکن یہ بات یہاں پہ واضح کرنا بہت ضروری ہے کہ 35% پراونشل گورنمنٹ دے رہی ہے اور 65% فیڈرل گورنمنٹ دے رہی ہے اور اس بنیاد پر یہ منصوبہ سٹارٹ ہوگا اور آگے چلے گا۔ اس دفعہ جو PSDP میں پیسے رکھے ہیں فیڈرل گورنمنٹ نے اور اس کیلئے فیڈرل گورنمنٹ نے جو ایلوکیشن رکھی ہے تو مجھے یہ امید ہے کہ ان شاءاللہ اس سے یہ منصوبہ شروع ہوگا اور یہ ہمارے صوبے کی میں سمجھتا ہوں کہ ایک ریڑھ کی ہڈی کی حثییت رکھے گی کہ اگر یہ منصوبہ مکمل ہوتا ہے تو اس سے ہمارا پورا صوبہ اناج کے حوالے سے اور ان مشکلات سے وہ نکل سکتا ہے، تو یہاں میں سمجھتا ہوں کہ میں نے پہلی تقریر میں بھی یہی ذکر کیا تھا کہ آپ اس کا ذکر تو کرتے ہیں کہ یہ مرکز کا PSDP کا حصہ ہے اور آپ اپنے بجٹ میں اس کو Show کریں لیکن اس کو تفصیل سے Show کریں کہ آپ کی Percentage کیا ہے اور فیڈرل گورنمنٹ کی Percentage کیا ہے؟ تو میں اس حوالے سے ایک اس بجٹ کی تقریر اور یہ ساری چیزیں اپنی جگہ پر ہوئیں۔ میں آپ کی توجہ بھی اس مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ یہ ہمارا ایوان ہے اور اس کی عزت اور وقار بھی ہمارے ہاتھوں میں ہے، اگر اس کی عزت اور وقار کو نہیں بڑھائیں گے اور اس کو

Maintain نہیں رکھیں گے تو پھر آپ کا مذاق اڑایا جائے گا۔ چیف منسٹر صاحب بیٹھے ہیں، میں یہ نشاندہی کرنا چاہتا ہوں سپیکر صاحب! آپ بیٹھے ہیں، پریولج موشنز آتی ہیں ممبران کی طرف سے اور ان پریولج موشنز کا مذاق اڑایا جاتا ہے، ڈپٹی سپیکر صاحبہ بیٹھی ہیں، پریولج کمیٹی کی چیئرپرسن ہیں اور انہوں نے ایک فیصلہ دیا کمیٹی میں اور جو تحریک استحقاق میں نے پیش کی تھی، میں نے آپ ہی کے حوالے سے بات کی تھی کہ سپیکر کی عزت کا مسئلہ ہے، ایوان کی عزت کا مسئلہ ہے کہ جب ایک چیز Decide ہو گئی اور کمیٹی میں Decide ہوئی اور جناب سپیکر! تین دفعہ Reminders جا چکے ہیں ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں اور اس پریولج کمیٹی میں ڈپٹی سپیکر صاحبہ بیٹھی ہیں، وہ بات کریں، بات کرنا چاہتی ہیں تو اس پہ بات کریں گی کہ تین دفعہ اس سیکرٹری کو بلایا گیا، وہ سیکرٹری حاضر نہیں ہوا۔ (شیم شیم کی آوازیں) نہیں آیا اس کمیٹی میں، اس کو کمیٹی میں آنا چاہیئے، بات تو کرے وہ لیکن وہ کمیٹی میں نہیں آنا چاہتا ہے، وہ اپنے آپ کو اس کمیٹی سے، پارلیمنٹ کی کمیٹی سے بالاتر سمجھتا ہے کہ وہ نہیں آرہا ہے، اچھا جو آپ فیصلے دیتے ہیں اور تین لیٹرز لکھے جا چکے ہیں، Reminders دیئے جا چکے ہیں، اس پہ عملدرآمد نہیں ہو رہا ہے تو میں چیف منسٹر کے سامنے بھی یہ بات پیش کر رہا ہوں کہ یہ آپ کی بیوروکریسی ہے، جس کے حوالے سے آپ نے کل بات کی تھی، میں تو صرف ایک ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی بات کر رہا ہوں کہ اس کے سیکرٹری نے ابھی تک اس پہ جو ایک کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے، اس پہ عملدرآمد نہیں ہو رہا اور آپ کے دوسرے پریویلجز جو ممبران نے پیش کئے، ان کے ساتھ بھی یہی حال ہو رہا ہے تو آخر ہمیں بتایا جائے کہ اس کا کیا حل ہو گا؟ اگر آپ نے اس پارلیمنٹ کا وقار نہیں رکھنا ہے اور آپ کی کمیٹی بیٹھی ہے، آپ بھی کمیٹی میں فیصلے کریں، اس پہ عملدرآمد نہ ہو، سپیکر صاحب لکھیں اور سپیکر کے ساتھ Commitment ہو، اس کی دھجیاں اڑائی جائیں تو پھر کیا ہو گا؟ یہ ذمہ داری تو کم از کم حکومت لے اور اس پہ بات کرے، یہ تو ممبران کا حق ہے ورنہ تو یہ پریولج کمیٹی ہی ختم کر دیں یا پھر پریولج کمیٹی کے فیصلوں پر عملدرآمد کرنا پھر بہت ضروری ہے۔ میں اجازت چاہتا ہوں، بہت بہت شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> آپ کی بہت مہربانی، میں اس حوالے سے چیف منسٹر صاحب!۔۔۔۔

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): جناب سپیکر صاحب! مولانا صاحب نے ایک دو باتیں کیں جس کی میں صرف وضاحت دینا چاہتا ہوں کہ ایک آپ نے لفٹ کینال کی بات کی، Definitely ہم تو ہمیشہ ہی یہ کہتے ہیں کہ اس میں 35 پرسنٹ ہمارا ہے اور 65 وفاق کا ہے اور ہم احسان مند ہیں اور آپ سے بھی مطالبہ کریں گے کہ انہوں نے اس سال ایک ارب روپیہ رکھا ہے اور ہم نے اپنا شیئر رکھا ہے، یعنی دونوں مل کر کوشش کریں گے کہ پیسہ زیادہ ملے تاکہ زمین کے کم سے کم پیسے ہم بھی پورے کر سکیں اور وہ بھی کر سکیں تب ہی جا کر کام ہو گا تو یہ مل کر کریں گے۔ دوسری آپ نے کسٹم والی بات کی اور یقیناً یہ ایک ایسا معاملہ پیش آیا کہ انجانے میں یا کوئی جلد بازی میں بات ہو گئی، پھر جب ہم نے خود Realize کیا کہ یہ ٹھیک نہیں ہوا، پھر میں نے وہ سارا جو Agreement تھا دیر گورنمنٹ کا اور سوات گورنمنٹ کا گورنمنٹ آف پاکستان کے ساتھ، اس Agreement میں لکھا ہے کہ اگر پراونشل گورنمنٹ Recommend کرے تو فیڈرل گورنمنٹ پھر وہ ٹیکس لگا سکتی ہے، اب میں نے کہا کہ یہ مسئلہ ہو گیا صوبائی حکومت میں، میں نے سمری منگوا کر Through proper channel وہ سارا کچھ میں نے Undo کر دیا، میں نے ان کو بھیج دیا ہے کہ ہماری طرف سے یہ بالکل Undo ہے کہ یہ ٹیکس جو میں نے سارا دیکھا ہے، اس کے مطابق یہ پھر نہیں لگنا چاہیئے اور نہ لگے گا، تو میں آپ سے مدد چاہوں گا کیونکہ آپ بھی وفاق میں ہیں، کیونکہ اتنا ہنگامہ ڈالنے سے، میں نے آج بھی فنانس منسٹر کو خط لکھا ہے کہ اس کو Immediately واپس لیں تو اگر ہم ان سے ٹائم لیں اور بیٹھ کر بات کر لیں، یہ خط و کتابت سے ویسے ہی لانجے خراب ہوتے ہیں، تو بہتر یہی ہو گا میرا خیال ہے کہ ہم مل کر اور As an Opposition Leader اور میں مل کر ان سے بات کرتے ہیں اور بات سے ان شاءاللہ یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ مجھے یقین ہے کہ شور مچانے سے ہنگامہ ڈالنے سے میرا خیال ہے کہ بہتر ہے کہ ہم ان کو بتا سکیں کہ یہ غلط ہے اور In writing ہم نے بتا دیا ہے تو امید ہے کہ ہم مل کر ہی حل کر سکیں گے۔۔۔۔۔

ایک رکن: اور وہ سیکرٹری والی بات۔

جناب وزیر اعلیٰ: اوہو جی، سوری، سوری، اچھا میں Specially منسٹر ایجوکیشن کو تو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ اور ہر منسٹر کو اور ہر سیکرٹری جو یہاں بیٹھے ہیں کہ یہ کوئی مذاق نہیں ہے کہ کمیٹی بلائے اور وہ نہ آئے۔ سپیکر

صاحب سے میری ریکویسٹ ہے کہ اگر کوئی نہیں آتا تو اس کے خلاف ایکشن لینا کونسی بڑی بات ہے، میرے پاس بھیج دیا کریں، میں ایکشن لوں گا، مجھے کوئی مسئلہ نہیں ہے (تالیاں) کیونکہ اگر ہم کمیٹیوں میں اورا تنی بااختیار کمیٹی جنہوں نے فیصلے کرنے ہوتے ہیں اور سپیکر صاحب کے پاس تو اختیار بھی ہے کہ جیل بھی بھیج سکتے ہیں، ایک دو کو جیل بھیج دیں تو تھوڑا ڈر بھی پیدا ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: میں بالکل، میں Summon بھی کر سکتا ہوں، میں تھرو وارنٹ، میں نے میڈم کو کہا ہے کہ آپ مجھے فائل بھیج دیں، میں وارنٹ جاری کروں گا اور تھرو پولیس اس کو کمیٹی میں لے کر آؤں گا۔ جی، عاطف خان چونکہ ایک پرسنل وضاحت کرنا چاہتے ہیں۔۔۔۔۔

محترمہ مہرتاج روغانی (ڈپٹی سپیکر): جناب! اس کے بعد مجھے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ بس چلیں، عاطف خان! بات کر لیں۔

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم): شکریہ، جناب سپیکر صاحب! میں صرف دو موضوعات پہ بات کروں گا کیونکہ مولانا صاحب نے تو کافی تقریباً سارے Angles، سارے ڈیپارٹمنٹس ہی Cover کئے لیکن میں صرف ایک دو پہ بات کروں گا۔ نمبر ون جو کہ اکثر اتنی اس کی Coverage نہیں آتی یا اس پہ اتنی بات نہیں ہوتی، اچھا موقع ہے کہ آپ کو بھی پتہ چل جائے، یہاں پہ میڈیا والے بھی بیٹھے ہوئے ہیں، جو شکیل درانی صاحب کی سٹیٹمنٹ آئی ہے اس کے حوالے سے، جو انہوں نے خط لکھا ہے جس پہ ان کو اعتراضات تھے یا ان کو Difference of opinion ہے، ہر جگہ Difference of opinion ہو سکتا ہے کہ جی میں کہوں کہ یہ کام اس طریقے سے بہتر ہو سکتا ہے، کسی اور کی رائے ہو کہ جی اس طریقے سے بہتر ہو سکتا ہے، وہ تو ہر جگہ ہوتا ہے، ان کا اور ڈیپارٹمنٹ کا Mainly difference of opinion یہ تھا کہ ایک فیصلہ ہوا تھا حکومت کا کہ وہ PEDO کو کارپوریٹ سیکٹر پہ چلانا چاہتے تھے کہ جس طریقے سے کارپوریٹ سیکٹر میں کام ہوتا ہے کمپنی بنا کے، جس طرح WSSP بنائی ہے، جس طرح سے یہ باقی کمپنیز بنی ہیں اور اس کے تھرو کام ہوتا ہے تو اس کو بھی کارپوریٹ کمپنی بنا کے اس کے طریقے سے کام ہو تاکہ ٹرانسپرنسی ہو، کام تیز ہو اور Market based لوگ آئیں، Usually بیوروکریسی کے جو لوگ ہوتے ہیں، اس طریقے کے نہ ہوں، تو ان کا یہ خیال تھا کہ جی اس طریقے پر آپ کام نہ کریں کیونکہ وہ

بیوروکریٹ تھے، واپڈا کے چیئرمین رہے تھے تو ان کا خیال تھا کہ اس طریقے سے کام کیا جائے، تو وہ Basic difference اس سے تھا۔ پھر نمبر دو جو ان کو ایک اعتراض تھا، وہ Mini and Micro جو پاور پراجیکٹس ہیں، اس پہ وہ کہہ رہے تھے کہ جی یہ چھوٹے چھوٹے پراجیکٹس ہیں، یہ آپ نہ کریں اور بڑے پراجیکٹس کریں، تو ہم نے انہیں کہنے کی کوشش کی کہ بڑے پراجیکٹس تو ہم کر ہی رہے ہیں لیکن یہ چھوٹے پراجیکٹس پہ آپ اعتراض نہ کریں کیونکہ نمبر ون ایک تو وہ ان دور افتادہ علاقوں میں ہیں جہاں پہ Off Grid ان کے پاس بجلی کے کنکشنز ہیں ہی نہیں یا ان علاقوں میں جہاں پہ بجلی کا کنکشن تو ہے لیکن وہاں پہ 18 گھنٹے بجلی نہیں ہوتی ہے تو اس واسطے ہم نے سوچا کہ اس پہ کام تیز کیا جائے اور 356 جو بن رہے ہیں، اس وقت 356 جن میں سے 53 کمپلیٹ ہو گئے ہیں، ان سے ساڑھے تین لاکھ لوگوں کو تقریباً سستی بجلی کہہ لیں یا مفت بجلی کہہ لیں، مفت تو نہیں، یہ روپیہ دو روپیہ یونٹ ہو گا، وہ ملے گی اور اسی طرح اگر وہ ایک ہزار تک پہنچ گئے جو کہ ہمارا پلان ہے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو پہنچانے کا، تو ان سے دس لاکھ لوگوں کو ان شاء اللہ تعالیٰ سستی بجلی ملے گی، ایک روپے یونٹ یا دو روپے یونٹ، حکومت ان سے کچھ چارج نہیں کرے گی تو ایک تو اس چیز پہ ان کو اعتراض تھا۔ تیسرا جو میرے خیال میں باقی چھوٹی چھوٹی باتیں تھیں کہ جی PEDO کے چیئرمین جو ہیں، PEDO تو چھوٹا ادارہ ہے اور واپڈا تو اس سے ایک ہزار گنا بڑا ادارہ ہے، تو میں جب واپڈا کا چیئرمین تھا تو میری ساڑھے چھ لاکھ روپے تنخواہ تھی تو اس کی تنخواہ بارہ لاکھ روپے کیوں ہے؟ یہ تو میرے خیال میں اس سے لوگ جو اس میں کام کرتے ہیں تو اس حساب سے وہ اگر حساب کتاب لگایا جائے کہ جی یہ بڑا ادارہ ہے، اس میں بڑے لوگ کام کرتے ہیں تو پھر تو میرے خیال میں میرے ڈیپارٹمنٹ میں دو لاکھ چار ہزار لوگ کام کرتے ہیں تو میری بھی شاید دو تین لاکھ تنخواہ ہونی چاہیئے لیکن جو سارے منسٹرز کی تنخواہ ہے، اتنی تنخواہ میری بھی ہے، یہ تو میرے خیال میں اس پہ تو نہیں Depend کرتا کہ اس میں لوگ کتنے کام کرتے ہیں، کارپوریٹ سیکٹر کا اور گورنمنٹ ادارے کا فرق ہوتا ہے، ان کی کنٹریکٹ جاب ہے، نہ کوئی جاب سیکورٹی ہے، نہ کوئی پنشن ہے، تو Obviously اس میں فرق ہوتا ہے۔ پھر دوسری بات جو ان کی تھی کہ کام Slow ہو رہا ہے، کام تیز نہیں ہو رہا تو اس پہ بالکل ہو سکتا ہے کہ وہ بہت تیز کام کرنے کے عادی ہیں، واپڈا میں وہ رہے ہیں، بیوروکریٹ رہے ہیں، چیئرمین رہے ہیں اور ہم لوگوں نے اتنا تیز کام نہ کیا ہو، مجھے تو

پتہ نہیں ہے کہ وہ پانچ سال واپڈا کے چیئر مین رہے ہیں تو آپ لوگ گواہ ہیں اگر اس ملک میں بجلی کا مسئلہ حل ہوا ہو، اگر واپڈا میں کرپشن کم ہوئی ہو، اگر واپڈا نے کوئی بہت زیادہ ڈیمز بنائے ہوں، اگر واپڈا کوئی بہت زیادہ اچھی مینجمنٹ کمپنی ہو تو میں یہ کہوں گا کہ جی وہ بہت اچھے طریقے سے واپڈا چل رہا تھا اور یہاں PEDO اچھے طریقے سے نہیں چل رہا تھا، تو یہ ہمارا قصور ہے لیکن آپ اس کے میرے خیال میں سارے گواہ ہوں گے کہ WAPDA one of the worst managed Company in Pakistan, one of the worst managed Company, one of the most corrupt Company in Pakistan جس کے یہ پانچ سال چیئر مین رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ جی PEDO ٹھیک طریقے سے نہیں چل رہا تو مجھے یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ پہلے بندہ خود اپنی اگر Self accountability کرے کہ جی میں پانچ سال واپڈا کا چیئر مین رہا ہوں، میں نے وہاں پہ کیا کیا ہے کہ میں یہاں پہ اعتراض کر رہا ہوں، پھر اس کے بعد ایک انہوں نے کہا کہ جی Mini and Micro کے افتتاح کیلئے یہ گئے ہیں اور ہیلی کاپٹر میں گئے ہیں تو پانچ ارب 20 کروڑ روپے کا جو منصوبہ ہے، پانچ ارب 20 کروڑ کا اور جس سے ساڑھے تین لاکھ لوگوں کو سستی بجلی ملے گی تو اگر اس کیلئے چیف منسٹر کا ویسے بھی اختیار ہے، چیف منسٹر ویسے بھی خود یا اگر کسی منسٹر کو بھیجنا چاہے تو ہیلی کاپٹر اسی لئے ہوتا ہے، وہ اس کو Use کر سکتے ہیں تو میرے خیال میں جیسا کہ ایک آدمی واپڈا کا چیئر مین رہا ہو، چیف سیکرٹری رہا ہو اور وہ ان باتوں پہ اعتراض کرتا رہے کہ جی یہ ہیلی کاپٹر میں کیوں گئے ہیں اور چترال کیوں گئے ہیں تو یہ میرے خیال میں بہت نامناسب بات ہے۔ پھر اس کے علاوہ انہوں نے کچھ اعتراضات کئے ہیں جو کہ کچھ Genuine ہیں، کچھ Genuine نہیں ہیں، Difference of opinion بھی ہے، مجھے کل ایک ٹی وی اینکر نے کہا کہ جی انہوں نے کرپشن کا الزام لگایا ہے۔۔۔۔

<u>قائد حزب اختلاف:</u> جناب سپیکر!

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم:</u> مولانا صاحب اگر میری بات سن لیں تو سپیکر صاحب! زیادہ بہتر ہو گا۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> مولانا صاحب! آپ کی Attention چاہتے ہیں۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: تو مجھے کل ایک ٹی وی اینکر نے کہا کہ جی انہوں نے کرپشن کا الزام لگایا ہے، مجھے پتہ نہیں ہے کہ انہوں نے لگایا ہے یا نہیں لگایا، انہوں نے لگایا ہے یا نہیں لگایا ہے؟ انہوں نے جو لیٹر لکھا ہے، اس میں کوئی کرپشن کا وہ نہیں لگا ہے لیکن میں انہیں چیلنج کرتا ہوں کہ اگر وہ میرے اوپر کرپشن کا الزام لگائیں، میں انہیں عدالت میں لے کے جاؤں گا اور وہاں پھر وہ ثابت کریں گے کہ کرپشن میں نے کی ہے کہ نہیں کی ہے لیکن ابھی تک میرے سننے میں نہیں آیا کہ انہوں نے لگایا ہے کہ نہیں لگایا؟ پھر اس کے بعد اس کی کارکردگی کے حساب سے مولانا صاحب کہتے ہیں کہ آپ پچھلی حکومت کا ذکر نہ کریں لیکن ہمیشہ مولانا صاحب! مجبوری یہ ہوتی ہے کہ آپ کہیں نہ کہیں Comparison کیلئے کوئی چیز رکھتے ہیں، مطلب میں نے کل ٹی وی انٹرویو میں بھی کہا ہے کہ You should compare orange with orange and apple with apple، اگر آپ پرانی حکومت سے Comparison نہیں کریں گے تو کس چیز سے Comparison کریں گے؟ اگر ہم یہ کہیں کہ جی ہم نے کام کیا ہے، آپ کہیں گے کہ نہیں کیا تو مطلب کسی چیز سے تو Comparison کریں گے نا، میں نے اس دن بھی کہا کہ جی تقریباً 56 میگاواٹ (منصوبے) پچھلی گورنمنٹ نے شروع کئے تھے آپ کے دور حکومت میں پانچ سال میں، ہمارے اپنے دور حکومت میں 214 میگاواٹ پہ کام شروع ہے اور 49 میگاواٹ اس کے علاوہ جو Mini and Micro کا ہے، ٹوٹل ملا کر 249 میگاواٹ ہے جس پہ کسی نہ کسی سٹیج پہ کام شروع ہے۔ پھر اس کے علاوہ ایک جو پرائیویٹ سیکٹر کی جو Mainly investment ہے کہ اس صوبے میں آج تک ایک میگاواٹ Only one Megawatt پرائیویٹ سیکٹر میں Investment آئی ہے اور اس وقت جو ہم نے Ad دی ہے، International Ad، لوکل اخباروں میں نہیں، پوری دنیا میں International Ad ہم نے دی ہے 666 میگاواٹ کیلئے، اس میں کوئی 72 رجسٹریشنز تھیں، 56 کمپنیاں آئی ہیں، انٹرنیشنل کمپنیز ہیں، بہت بڑی بڑی کمپنیز بھی ہیں، پاکستانیوں کے ساتھ Joint venture بھی ہے 666 میگاواٹ، جس کی سکروٹنی ہو رہی ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ دو تین مہینے کے اندر ان کی جب سکروٹنی ہو جائے گی تو کنٹریکٹ ان کو ایوارڈ کر دیا جائے گا اور یہ میں آپ کو ایک فگر بتا رہا ہوں جو کہ میڈیا بھی یہاں بیٹھا ہوا ہے، آپ لوگ بھی سارے بیٹھے ہوئے ہیں، یہ ایک آپ فگر سن لیں کہ ان شاء اللہ تعالیٰ ہماری امید ہے کہ یہ ہو

جائے گا666 میگاواٹ،اس سے دو سو ارب روپے کی Investment اس صوبے میں آئے گی،دو سو ارب روپے کی Investment جو کہ اس صوبے کی تاریخ میں کبھی دو سو ارب روپے کی Investment نہیں آئی،تو آئے گی اسلئے کہ میں نے کل اس میں بھی بولا کہ یہ جو ہائیڈل پراجیکٹس ہوتے ہیں، یہ نہ کوئی دکان ہوتے ہیں، نہ کوئی پرائمری سکولز ہوتے ہیں۔ ان حالات میں اگر اس صوبے میں کوئی Private Investor اربوں روپے لے کے آتا ہے،اربوں روپے، تو وہ بہت سوچے گا، بہت Feasibility دیکھے گا، ہر ایک چیز کرے گا اور پھر یہ نہیں کہ آپ اسے کہیں کہ جی آجائیں اور وہ 50 ارب روپے لے کے آجائے گا کہ جی میں نے یہاں پہ ایک پلانٹ لگانا ہے،اربوں روپے اگر کوئی بھی لگائے، میں بھی لگاؤں گا تو میں بھی بہت سوچوں گا، آپ بھی لگائیں تو آپ بھی بہت سوچیں گے، ہمیشہ ہائیڈل پراجیکٹس جو ہوتے ہیں، اس کی Feasibility میں بھی ٹائم لگتا ہے لیکن میں یہ کہہ رہا ہوں کہ ایک دفعہ شروع ہو جائے ان شاءاللہ تعالیٰ تو ہو سکتا ہے کہ ہمارے دور حکومت میں نہ کمپلیٹ ہو، کسی اور کی حکومت ہو، کسی اور کی حکومت ہو لیکن کم از کم یہ 666 میگاواٹ پاکستان کو بجلی سپلائی ہو گی اور اس صوبے میں Investment آئے گی، لوگوں کو روزگار ملے گا۔ پھر اس کے علاوہ انہوں نے کہا جی، وہ ایک پراجیکٹ ہے جس میں Escalation ہوئی، کمپنی کو Payment کی گئی زیادہ، جو بھی پراجیکٹس ہوتے ہیں، اس میں ہمیشہ Escalation ہوتی ہے، ہمیشہ Escalation ہوتی ہے پراجیکٹس میں، یہ کوئی غیر قانونی کام نہیں ہے اور یہ کوئی پاکستان میں نیا کام نہیں ہے، کبھی کچھ پراجیکٹس میں ڈیزائن کی وجہ سے، ڈیزائن اس کا چینج ہو جاتا ہے، اس کی Cost میں چینج آجاتی ہے، کبھی ٹائم فریم کی وجہ سے Relevant forums ہوتے ہیں کہ جی اگر اتنی Cost میں Escalation آئی، یہ Relevant forum ہے، اس سے اس کی Approval لینی پڑے گی، اتنی Cost کی Escalation آجائے، اس Relevant forum سے، ہر ایک Relevant form سے اس کی Approval لی گئی ہے جو بھی Cost کی Escalation ہوئی ہے۔ پھر اس کے علاوہ ایک اور پوائنٹ بتایا گیا کہ جی دو پراجیکٹس کمپلیٹ ہیں اور اس سے بجلی نہیں جا رہی نیشنل گرڈ میں تو اس سے اتنے کروڑ روپے کا صوبے کو نقصان ہو رہا ہے، مجھے سمجھ نہیں آتی کہ اتنا Experienced آدمی، ایک پراجیکٹ میں پیسکو نے اس کی ٹرانسمیشن لائن بچھانی ہے، پیسکو کو دو سال سے Continuously letters ان کے

راجہ فیصل زمان: ان شاءاللہ سر۔ سر! ہم آپ کے ساتھ ہیں، اس میں یہاں کچھ باتیں ہوئیں اور میں یہ نہیں کہتا، سب سیکرٹریز ایک جیسے نہیں ہوتے، اچھے لوگ بھی ہیں، اگر ایک سیکرٹری کی وجہ سے آپ سارے ڈیپارٹمنٹس کو خراب کہہ دیں تو ایسی بات کوئی نہیں ہے، بہت ایسے لوگ ہیں جو Honestly perform کر رہے ہیں سر، اور یہاں پہ یہ کہا گیا کہ پرانے لوگ کرپٹ تھے اور پرانے لوگ ایسے تھے، ویسے تھے، اس بات پہ میں ایک واقعہ سناؤں گا اور پھر آپ سے اجازت لوں گا۔ سر! وہ ایک بادشاہ تھا، اس کے پاس اس کے دو دوست ملنے آئے تو بادشاہ سلامت نے، یہ اس اسمبلی کے بارے میں ہے۔ اس بادشاہ سلامت نے ان دوستوں کے سامنے عطر منگوایا، عطر منگوایا، وہ خوشبو کا عطر نیچے زمین پر گر گیا، اس نے اس عطر کو اٹھا کے جب لگایا تو وہ ادھر سے بابک صاحب دیکھ رہے تھے کہ بادشاہ سلامت نے یہ لگالیا تو اس نے اپنے دوست سے پوچھا، بتاؤ یار کیسا ہے؟ اس سے اس کو شک پڑ گیا کہ اس نے دیکھ لیا بابک نے، اس نے اپنا ہاتھی منگوایا، اس نے اس ہاتھی کو اس پورے عطر سے نہلا دیا کہ یہ بات کسی طرح چھپ جائے تو اس نے پھر پوچھا اپنے دوست سے کہ یار بتاؤ کیا بات ہے؟ اس نے کہا کہ بادشاہ سلامت وہ نیچے سے جو قطرہ اٹھایا وہ واپس کبھی مڑ نہیں سکتا، وہ جو ہماری عزت گئی ہے وہ واپس نہیں آسکتی۔ میں اپنے بھائیوں سے صرف یہ ریکویسٹ کروں گا کہ جو چاہے اس سائڈ پہ یا اس سائڈ پہ ہیں، ایک دوسرے کی عزت کا خیال کریں، کام آپ بے شک نہ کریں۔ (تالیاں) آپ ہمیں سکیمیں نہ دیں، کچھ نہ دیں لیکن ایک دوسرے کی عزت کا خیال رکھیں، عزت ایسی چیز ہے جو ہم اس جگہ تک عزت کی خاطر پہنچے ہیں اور عزت نہیں ہے تو کچھ بھی نہیں ہے۔ میں بخدا کہتاہوں کہ سکیمیں ہمیں اللہ دیتا ہے، آپ نہیں دیتے، ہم آپ سے کچھ بھی نہیں مانگتے ہیں، ہم اللہ سے مانگتے ہیں لیکن صرف آپ سے ایک چیز مانگیں گے، عزت، آپ ہمیں صرف عزت دیں اور اللہ آپ سب کی عزت اور آبرو رکھے۔ میں سپیکر صاحب! آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا، اللہ آپ کی بھی عزت رکھے، اللہ اس اسمبلی کی بھی عزت رکھے، آمین۔

جناب سپیکر: شاہ فرمان!

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): شکریہ، جناب سپیکر۔ بجٹ کے اوپر اور سپلیمنٹری بجٹ کے اوپر جو تقاریر ہوئیں اور گورنمنٹ کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا، احاطہ کیا گیا، حکومت کی کارکردگی جانچنے کیلئے دو Steps ہوتے ہیں، نمبر ون یہ کہ حکومت کی نیت کیا ہے، پالیسی کیا ہے اور نمبر دو یہ کہ اس کی Implementation کیا ہے، کتنی ہوگئی ہے Implementation؟ یہاں پر سیاست اور نیت کی بات کی گئی، پاکستان تحریک انصاف اور ہماری الائنس کی جو حکومت ہے، بڑی Simple چیزیں ہیں، وہ یہ کہ اگر ایجوکیشن کے اندر این ٹی ایس کے ذریعے یا کسی بھی طریقہ کار کے ذریعے ٹیچرز کو بھرتی کیا گیا تاکہ سیاسی بنیادوں کے اوپر ٹیچرز بھرتی نہ ہوں تاکہ نالائق ٹیچرز بھرتی نہ ہوں اور ہمارے بچوں کا مستقبل Secured ہو۔ بابک صاحب نے بات کی کہ اس اسمبلی کے 80 پرسنٹ لوگوں نے گورنمنٹ سکول سے پڑھا ہے، صحیح ہے، اس اسمبلی کے شاید 80 پرسنٹ لوگ 50 سے اوپر بھی ہیں، میں اس اسمبلی کے ہر ممبر سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ہاتھ اٹھائیں کہ کتنے ممبرز ہیں جن کے بچے آج گورنمنٹ سکول میں پڑھتے ہیں، مجھے ایک بتا دیں، ایک ہاتھ اٹھائیں کہ میرا بچہ گورنمنٹ سکول میں پڑھتا ہے۔ (تالیاں) جناب سپیکر! مجھے کوئی چیز پسند ہے، جناب سپیکر! مجھے کوئی چیز پسند ہے، مجھے کوئی چیز پسند ہے، وہ یہ ہے کہ سولر لائٹ کا زمانہ ہے، سولر لائٹ کا زمانہ ہے، سولر لائٹ کا زمانہ ہے، اگر کسی کو لالٹین پسند ہے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن سولر لائٹ کے اوپر اعتراض نہ کیا جائے کہ سولر لائٹ خراب چیز ہے کیونکہ وقت کے ساتھ جانا پڑتا ہے۔ جناب سپیکر! Non interference کا، سیاسی مداخلت ختم ہونے کا ہم جو دعویٰ کرتے ہیں، یہاں حکومتی ممبر، کوئی منسٹر اپنی مرضی کا ایس ایچ او نہیں لگوا سکتا، مجھے یہ بتایا جائے کہ کیا واقعی پہلے اسی طرح تھا؟ یہ دنیا گواہ ہے، اچھا اس میں کوئی راکٹ سائنس کی ضرورت نہیں ہے، اس میں کوئی راکٹ سائنس کی ضرورت نہیں ہے کہ کوئی بہت بڑی سوچ چاہیئے اس کیلئے، کوئی بہت بڑی Efforts چاہیئے اس کیلئے، کوئی بہت زیادہ کوئی فلاسفی، وہ فلسفی آنے کی ضرورت ہے، حکومت کی نیت ہوتی ہے، اگر کسی کی نیت ہی ٹھیک نہیں تو اس کی کارکردگی کا بندہ کیا کرے؟ پہلے ہیلتھ ریفارمز ہیں، ایجوکیشن کے اندر ریفارمز ہیں، پولیس کے اندر ریفارمز ہیں، میرٹ کے اوپر بھرتیاں ہیں، Political interference ختم ہے۔ پہلا Step، میں اپوزیشن کے بھائیوں سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ پہلے Step کے اوپر بات کی جائے کہ حکومت کی نیت

کہاں خراب ہے اور کہاں پر میرٹ کی پالیسی نہیں ہے اور اس سے پہلے کہاں تھی، کوئی یہ پالیسی تھی؟ جناب سپیکر! 25 ہزار ٹیچرز بھرتی ہوگئے ہیں، میرٹ کے اوپر بھرتی ہوگئے ہیں، لائق آگئے ہیں اور ہمارے بچوں کا مستقبل ان شاءاللہ روشن ہے لیکن جناب سپیکر! اگر سیاسی بنیادوں کے اوپر آپ ٹیچرز بھرتی کرلیں تو کیا یہ Political interference نہیں ہے، کیا یہ اس قوم کیلئے تباہی نہیں ہے؟ بابک صاحب نے بات کی Playgrounds کی، تو میں ذرا اس کی تصحیح کردوں کہ ایک کنال کے اندر یا دو کنال کے اندر Play land بن سکتا ہے، Play area، وہ بہت چھوٹا ہوتا ہے، اس کے اندر وہ دو چار جھولے ہوتے ہیں، وہ آپ جو باسکٹ بال گراؤنڈ کی بات کرتے ہو، وہ آپ صحیح ہیں لیکن وہ Play land نہیں Play area ہے، Playground نہیں ہے، تو وہ ذرا میں سمجھوں، اگر آپ نے یہ سوچا ہوگا کہ کوئی بہت بڑا گراؤنڈ ہوگا تو یہ نہیں ہے، چھوٹے بچوں کیلئے وہ Play area ہوتا ہے، دو چار جھولے ہوتے ہیں تاکہ وہ اس کے ساتھ Busy رہیں۔ میں جناب سپیکر! مولانا صاحب نے سوال پوچھا کہ سیاست کیا ہے، اس کا مطلب کیا ہے؟ ہمیں سمجھایا جائے تو اگر یہ Definition بھی ہم سے پوچھتے ہیں تو ہم بتا ہی دیتے ہیں لیکن سیاست کی Interpretation کی بات ہوتی ہے کہ آپ اس کو کس طرح Interpret کرتے ہیں، جو Greek لفظ ہے Politics، اس کا مطلب یہ ہے کہ عوام کیلئے ایسے فیصلے کرنا کہ سارے عوام کے اوپر ایک طرح اس کا اثر ہو، نافذ ہوں، اس کی ایک Definition ہے اور یہ اسی گورنمنٹ میں ہے کہ جو فیصلہ ہے، وہ سب کیلئے ایک ہے، شاید مولانا صاحب کو اس Definition کا اسلئے نہیں پتہ تھا کہ اس سے پہلے اس طرح کے فیصلے سارے لوگوں کے اوپر اسی طرح نافذ نہیں تھے اور اگر آپ کو یقین نہیں آتا تو آپ اس کی Definition ڈکشنری میں دیکھ لیں لیکن ایک اور Definition ہے، اس کے ساتھ ملا ہوا ہے، ایک اور Definition ہے، دو Definitions ہیں، ایک Definition یہ ہے کہ ایک بندے کی پاور کا ایسا استعمال جس سے دوسرے بندے کا Behavior control کیا جائے، یہ بھی اس کی Definition ہے، یہ مولانا صاحب کو پتہ ہے اس Definition کا کہ وہ کس طرح استعمال کرتا ہے Politics، بہرحال یہ چونکہ انہوں نے سوال کیا تھا، مجھے جواب دینا پڑا، اگر یہ نہ پوچھتے، بابک صاحب نے سوال کیا کہ پچھلی سپیچ میں بھی کہا، بڑی اچھی بات کی کہ یہ بتایا جائے کہ Billion Trees کی ضرورت تھی یا Reservation کی ضرورت

تھی؟ یہاں پلانٹس بچانے کی ضرورت تھی یا لگانے کی ضرورت تھی؟ تو اس کیلئے اشتیاق صاحب نے بات بھی کی ہے اور میں کہہ دوں کہ جو دو کروڑ 40 لاکھ پودے آپ نے مارک کئے تھے کہ ان کو ہم کاٹیں گے، اس کو ہم نے روک دیا کہ وہ آپ نہیں کاٹ سکتے، کوئی نہیں کاٹ سکتا، حکومت نے وہ فیصلہ واپس لے لیا، یہ فارسٹ ڈیپارٹمنٹ نے مارک کئے تھے اور میں سمجھتا ہوں کہ جو ٹمبر کا کاروبار کرتے ہیں، وہ بھی سب جانتے ہیں۔ جناب سپیکر! ایک PEDO کے حوالے سے بات ہوئی جو 34 ہزار سٹوڈنٹس کی بات کی، بابک صاحب! ان کے بھی نام ہمارے پاس ہیں، ان کے والدین کے نام بھی ہمارے پاس ہیں، کسی اور کے نام آپ کو چاہیئے، وہ بھی بتادیں گے جب بھی آپ کو ضرورت ہو، 34 ہزار سٹوڈنٹس جو پرائیویٹ سے گورنمنٹ سکولز آئے ہیں، وہ بالکل اس کا ریکارڈ ہم بابک صاحب کو Provide کریں گے، اگر ان کو شک ہے کہ ہم کوئی بات غلط کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر! Implementation کے اندر مسائل ہیں اور جو بات کی کل آنریبل چیف منسٹر صاحب نے بیوروکریسی کے بارے میں، تو انہوں نے اصولاً بات کی، انہوں نے اصولاً بات کی کہ ویژن اور پالیسی حکومت کی ہوتی ہے، Implement کرتی ہے بیوروکریسی، آپ کے آفیسرز آپ کے ویژن کو According to the rules, law, policy وہ Implement کرتے ہیں، اگر ہم اپنا کام ان کے حوالے کر دیں، اگر ہم یہ سمجھیں کہ وہ ویژن بھی ہمیں دیں، اگر ہم یہ سمجھیں کہ وہ پالیسی بھی ہمیں دیں اور Implement بھی وہ کر دیں تو یہ ان کے ساتھ زیادتی ہو گی۔ میں پھر سے Repeat کرتا ہوں کہ ویژن اور پالیسی حکومت کا کام ہے، Implementation بیوروکریسی کا کام ہے اور ہمیں Implementation میں کوئی دقت نہیں ہے، لہذا ہم اپنی Responsibility پوری کریں گے، آفیسرز اپنی Responsibility پوری کریں گے، اس کے اوپر یہ بڑا کلیئر تھا۔ ایک بات بابک صاحب نے کی، کبھی چیف منسٹر صاحب نے یہ نہیں کہا کہ ملاکنڈ کے اندر چوری کی گاڑیاں ہیں، چیف منسٹر صاحب یہ جو نان کسٹم پیڈ گاڑیاں ہوتی ہیں انگریزی میں جس کو Slang کہتے ہیں یا ویسے ہی محاورتاً جو بات کرتے ہیں کہ چوری کی گاڑیاں، ظاہر ہے کہ اگر کسٹم پیڈ نہیں ہیں تو پشتو میں اس کیلئے اگر کوئی لغت، نان کسٹم پیڈ کیلئے کوئی لفظ ہے تو آپ ہمیں بتادیں، ہم وہ Apply کریں گے لیکن چوری کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جس طرح گاڑی کوئی چرا لیتا ہے، نان کسٹم پیڈ کیلئے لفظ استعمال کیا گیا، لہذا میں سمجھتا ہوں کہ یہی وہ Political

analysis ہے جس کی وجہ سے شاید بد قسمتی سے سیاست لفظ اور سیاست نام انتا بدنام ہو چکا ہے کہ یہ جس طرح بقول بابک صاحب خود انہوں نے کل پرسوں کہا تھا کہ سیاست سے لوگوں کو نفرت ہو گئی ہے تو شاید ہمارے یہ رویے ہیں جن کی وجہ سے سیاستدان اور سیاست سے لوگوں کو نفرت ہے، اگر ہم اس کو According to definition positively استعمال کریں تو ان شاءاللہ سیاست پر لوگوں کو اعتماد ہو گا۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ، شاہ فرمان۔ مولانا عصمت اللہ۔

<u>جناب محمد عصمت اللہ:</u> بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ جناب سپیکر صاحب! میں آپ کا انتہائی مشکور ہوں کہ آپ نے اس ضمنی بجٹ پر عام بحث کے دوران مجھے بھی اجازت عنایت فرمائی۔ جناب سپیکر! یہاں پر مختلف باتیں سامنے آئیں اور اس کے گردونواح میں مختلف قسم کی باتیں بھی سامنے آئیں، میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری موجودہ جو برسر اقتدار حکومت ہے، وہ ان کے خوشنما نعروں میں جو شامل باتیں ہیں، وہ میرٹ ہے اور انصاف ہے، اور یہ میرٹ اور انصاف، یہ اکیلے اسلام کا حکم نہیں ہے، اس کو اکیلے اسلام اچھا نہیں سمجھتا ہے بلکہ یہ پوری انسانیت کا تقاضا ہے۔ میرٹ اور انصاف دو ایسی چیزیں ہیں کہ جو انسانیت کے تقاضے ہیں، اسلام سے آگے جا کر تو یہ بہت اچھی چیز ہے اور اسی طرح رشوت ستانی پر زور دیا جا رہا ہے، یہ بھی بہت اچھی چیز ہے، بہت اچھی چیز ہے، ہم جب جاتے ہیں تو خاصکر یہ ورکس کے جو محکمے ہیں، بلدیات ہو گیا، سی اینڈ ڈبلیو ہو گیا، ایریگیشن ہو گیا تو بڑے بڑے خوشنما آویزاں کچھ بینرز لگے ہوئے ہیں کہ اپنے آپ اور اپنی اولاد کو حرام خوری سے، فلاں سے بچاؤ اور یہ کرو وہ کرو لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ کیا ایمان سے، ایمانداری سے میرے جو صاحب اقتدار منسٹرز صاحبان ہیں جو اقتدار سے تعلق رکھنے والے صاحب اقتدار، یہ کیا نہیں سمجھتے ہیں، ان کو پتہ نہیں ہے کہ یہ ساری کارکردگی * + ہے، کیا ان کو پتہ

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کیا گیا۔

نہیں ہے؟-----

جناب سپیکر: یہ * +،اس کو میں حذف کرتا ہوں،الفاظ کو تھوڑا آپ-----

جناب محمد عصمت اللہ: جی، میں عرض کر رہا ہوں جو قول اور عمل ایک نہیں ہے، میں یہی کہوں گا جی، * + میں واپس لیتا ہوں کہ جو لکھا گیا ہے، جو ظاہر ہے، جو ظاہر کرتے ہیں، جو لوگوں کو بتاتے ہیں، اندر اس طرح نہیں ہے، کیا ان کو پتہ نہیں ہے، کیا ان کو پتہ نہیں ہے کہ کمیشن لیا جارہا ہے، کیا ان کو پتہ نہیں ہے کہ Approval پر دو پرسنٹ مطلب لیا جارہا ہے، کیا ان کو پتہ نہیں ہے کہ جو ورکس ہیں، وہاں پر ایک دوسرے کو یہ کیا کہتے ہیں، Ringدے کر وہ کام لئے جارہے ہیں، مجھے معلوم ہے سپیکر صاحب! کہ ان کے ایک کیبنٹ ممبر کی پشت پناہی پر اس کے قریبی رشتہ دار نے، یہ آج کہتے ہیں، وہ کیا کہتے ہیں کہ جی وہ انٹرنیٹ کے ذریعے ہم نے ٹینڈرز کھلوائیں، جناب سپیکر! میں آپ کو پورے وثوق سے اس ہاؤس میں بتانا چاہتا ہوں کہ 80% below دیا گیا، 80% below rate ڈالا گیا اور پھر اسی ایکسیئن سے مل کر اسی کیبنٹ ممبر کے بھائی نے جو اس کی سرکاری گاڑی پر سوار ہو کر گیا ہے، اس نے اس کام کو اس سے پورا Bid تبدیل کروا کر وہ At par پر لیا گیا ہے، یہ کرپشن نہیں ہے؟ اور پھر میں نے فون کیا کہ جی اے سی صاحب، کیونکہ ایک Bid وہاں اے سی صاحب کے پاس، وہاں سے بھی تبدیل ہوا ہے-----

جناب سپیکر: آپ وضاحت کریں تو یہاں باقاعدہ ٹریژری بنچز سے جواب آجائے گا۔

جناب محمد عصمت اللہ: وہ جی، میں آپ کو بات بتا رہا ہوں، اس طرح دوسری بات پہ میں آتا ہوں، میرا بلدیات کا منسٹر بھی بیٹھا ہے-----

جناب سپیکر: یہ کونسا ڈسٹرکٹ ہے؟

جناب محمد عصمت اللہ: ڈسٹرکٹ کوہستان میں، ڈسٹرکٹ کوہستان میں اور یہ ان کو پتہ ہے جی، سارا کچھ پتہ ہے ان کو، ان کے جو ادارے ہیں، یہ نہیں بتا رہے ان کو، میں جناب سپیکر صاحب! بلدیات کی طرف آتا ہوں، یہ میرٹ اور انصاف کی بات کرتے ہیں، ویلج سیکرٹری کی پالیسی یہ بنی ہے، جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ چاہوں گا-----

---

** بحکم جناب سپیکر حذف کیا گیا۔

جناب سپیکر: میں چاہتا ہوں کہ آپ نے جو بات کی ہے، گورنمنٹ کی طرف سے اس کے اوپر Proper reply بھی ہو، وہ منسٹر صاحب اس کے حوالے سے سینیئر منسٹر صاحب آپ کو Respond کریں گے۔

جناب محمد عصمت اللہ: جی، میں آپ کو بات بتا رہا ہوں، یہ ان کی پالیسی ہے ویلج سیکرٹریز کے بھرتی کرنے کیلئے کہ ویلج سیکرٹریز کس طرح بھرتی ہوں گے؟ اس پالیسی لیٹر میں انہوں نے بتایا ہے کہ پہلے وہ ویلج سیکرٹری، جو ویلج ہے، وہاں کا جو آدمی ہے، وہ بھرتی ہوگا، اگر وہ تعلیمی معیار پر پورا نہ ہو تو پھر قریب ترین ویلج سے لیا جائے گا۔ جناب سپیکر! اگر وہاں سے بھی کوئی نہ ملے تو پھر ٹاؤن اور تحصیل سے لیا جائے گا، یہ ان کی پالیسی ہے اور پھر اس پالیسی پر عملدرآمد کیلئے یہ سیکرٹری بلدیات صاحب نے ایک نوٹیفکیشن کیا ہے کہ اس کو بھرتی کرنے کیلئے فلاں ضلع میں یہ ڈی سی صاحب جو ہیں وہ چیئرمین ہوگا، اے ڈی اس کا ممبر ہوگا اور پھر سی سی او اس کا ایک ممبر ہوگا، چیف آفیسر صاحب ممبر ہوگا، یہ نوٹیفکیشن میرے پاس ہے، یہ نوٹیفکیشن ہے 25 اضلاع کیلئے اور ضلع کوہستان لوئر کیلئے یہ کمیٹی نہیں بنی ہے، کمیٹی کا نوٹیفکیشن نہیں ہوا ہے، اس نوٹیفکیشن میں یہ ضلع کوہستان لوئر نہیں ہے اور کیوں نہیں ہے؟ اسلئے کہ ضلع کوہستان کو جب عدالت عالیہ پشاور نے Stay دیا تھا، اس کے بعد صوبائی حکومت کی ویب سائٹ پر موجود ہے کہ انہوں نے اس کو معطل کیا ہوا تھا، اس کو روک دیا تھا، On hold کہتے ہیں یا Withhold کہتے ہیں؟ مطلب ہے جو لفظ ہے وہ کیا تھا جی، اس وجہ سے اس کا نوٹیفکیشن نہیں ہوا۔ پھر اس کے باوجود، یہ ان کی میں میرٹ کی کہانیاں سنا رہا ہوں آپ کو، ہمارا ایک کیبنٹ ممبر ہے عبدالحق خان مشیر جی، وہ وزیر اعلیٰ کو لکھتا ہے کہ یہ جو کالا ڈھاکہ میں پہلے جو سی سی او تھا غلام یوسف، اس کو آپ کوہستان لوئر میں اے ڈی لگائیں، اے ڈی لگائیں، وزیر اعلیٰ صاحب لیٹر کرتا ہے اور بلدیات سے ان کا آرڈر ہوتا ہے، اب وہاں جا کر وہ انٹرویو، پہلے این ٹی ایس کا انٹرویو اکٹھا ہوا ہے پورے کوہستان کا، وہ جو۔۔۔۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب! آپ تو بجٹ پر بات کریں، اگر آپ کو۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: ایک منٹ، میں بجٹ پر آتا ہوں۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، میں بات کرتا ہوں، اسلئے ضروری ہے۔

جناب محمد عصمت اللہ: میں بجٹ پر آتا ہوں، بجٹ کا ہے، یہ میرٹ اور انصاف کی باتیں ہیں، پھر اس کے بعد کیا ہوا جی؟ پھر وہاں پر یہ ہوا کہ انہوں نے وہ غلام یوسف اور ڈی سی، جو عدالت کا Stay تھا، اس کے باوجود اس کا آرڈر ہوا، ادھر سے ان کا نوٹیفیکشن نہیں ہوا ہے جی، سیکرٹری نے اس کو نوٹیفائی نہیں کیا ضلع کوہستان لوئر کو، اس کے باوجود وہ آرڈر کرتے ہیں لیکن وہ آرڈر کس طرح کرتے ہیں جی؟ وہ آرڈر اس طرح کرتے ہیں کہ اس پالیسی کے بالکل برعکس جب بیس آدمی تحصیل پٹن کے، وہ اس مشیر صاحب کی تحصیل کے ہیں جس نے اس آدمی کا آرڈر کرایا، وہ تحصیل پالس میں لگاتے ہیں، حالانکہ تحصیل پالس میں اس سے پہلے ان سے زیادہ تعلیم والے لڑکے موجود ہیں، اس کے باوجود لگاتے ہیں۔ پھر مجھے افسوس اس بات پر ہے کہ میں نے آکر منسٹر صاحب کو بھی بتایا کہ یہاں میرٹ کی Violation ہوئی ہے، یہاں رشوت کیلئے ایک ایک لڑکے سے ایک لاکھ 50 ہزار، دو لاکھ، تین لاکھ، چار لاکھ تک رشوت لی گئی ہے۔ جناب سپیکر! اتنی بڑی خبر جب یہ میرٹ اور انصاف کے دعویداروں کے پاس میں پہنچاتا ہوں، یہ نیچے دیکھتے ہیں، یہ کیوں نیچے دیکھتے ہیں؟ میرا سوال یہ ہے، جب میں ان کے پاس ایک اتنی بڑی میرٹ کی خلاف ورزی کی خبر لیکر آتا ہوں، مجھے تو سینے سے لگانا چاہیئے تھا، اس کے خلاف کارروائی ہونی چاہیئے تھی لیکن اس کے باوجود وہ ٹال مٹول سے کام لیتے رہے، کیوں؟ یہ میرٹ ہے، یہ میرٹ کا جنازہ نکالنا نہیں ہے؟ ہاں میں مانتا ہوں کہ چیف منسٹر صاحب نے ہمیں کہا تھا کہ آپ کوئی چیز مانگیں مت لیکن آپ نگرانی کریں، جہاں میرٹ کی خلاف ورزی ہو، جہاں ناانصافی ہو، جہاں کوئی رشوت کی آپ نشاندہی کریں لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ چیف منسٹر صاحب کی ان نصیحتوں اور وصیت کے باوجود ہم جب میرٹ اور انصاف کی خلاف ورزی کی نشاندہی کرتے ہیں تو ان کی کیبنٹ کے منسٹرز نیچے دیکھتے ہیں، زمین کی طرف دیکھتے ہیں، کیوں، یہ کیا ہوگا آخر؟ کیا یہ میرٹ اور انصاف کی ورد سے ان کو ثواب ملے گا یا کارکردگی سے ثواب ملے گا؟ جناب سپیکر! نہ کوئی میرٹ ہے، نہ کوئی انصاف ہے، خدا کی قسم اور نہ رشوت کی کوئی روک تھام ہے بلکہ میں کئی دفعہ رہا ہوں بلکہ پہلے سے زیادہ رشوت کا بازار گرم ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: عنایت خان!

جناب محمد عصمت اللہ: میں ان کو بتانا چاہتا ہوں۔۔۔۔

جناب سپیکر: عنایت خان! عنایت خان!

جناب محمد عصمت اللہ: اور پھر آخر میں ایک، ایک بات میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں، یہ کہتے ہیں کہ پولیس کی مداخلت ختم ہے، جناب سپیکر! کیسے پولیس میں مداخلت ختم ہے، پولیس سے سیاسی مداخلت کیسے ختم ہے؟ یہاں پر مانسہرہ میں ہمارا ایک ایکس ایم پی اے دلدار مولانا صاحب کی گاڑی پر پتھراؤ ہوا، اس کا الزام مجھ پر بھی لگایا گیا، مجھ پر بھی لگایا گیا اور ان لوگوں نے اس کو دریافت میں ڈالا، میں بھی اس دریافت میں، میں نے اپنا بیان دیا کہ میں پشاور میں تھا، وہاں سے ایک شادی کیلئے میں ایبٹ آباد گیا تھا، وہاں سے فلاں وقت میں پھر پشاور آیا، مانسہرہ آیا، انہوں نے میرا موبائل نمبر اور ڈیٹا بھی لے لیا کہ ہم سائنسی طور پر بھی معلومات کرتے ہیں، انہوں نے وہ بھی لیا اور پھر گزشتہ دن 18 تاریخ کو میں ادھر تھا، اسمبلی اجلاس سے باہر نکلا تو مجھے کہا گیا کہ آپ کے خلاف پرچہ ہو گیا ہے، یار میرے خلاف کس طرح پرچہ ہو گیا؟ تو انہوں نے کہا کہ وہاں پر پرچے کس طرح ہوتے ہیں، بڑی عجیب بات یہ ہے، اب وہ مولانا دلدار صاحب جس کے اوپر حملہ ہوا ہے، وہ خود 302 کا مفرور ہے، اشتہاری ہے، واقعہ ان کے ساتھ ہوا ہے اور وہ آئے مانسہرہ کے اڈے میں، الزام مجھ پر ہے اور پھر جب میں دیکھتا ہوں تو پرچے میں اس کا بھائی ہے، جہانداد، وہ کہتا ہے کہ میرے اوپر حملہ ہوا ہے، مجھے مارا گیا، میرے اوپر قاتلانہ حملہ ہوا اور مولانا عصمت اللہ نے بندوق پکڑی تھی اور پھر میں نے پتہ کیا تو بتایا گیا کہ وہاں کا مقامی ایس پی پرچہ نہیں کرنا چاہتا تھا، ڈی آئی جی نہیں کرنا چاہتے تھے کہ یہ غلط ہے لیکن اوپر سے حکم آیا کہ نہیں مولانا عصمت اللہ کے خلاف پرچہ ہونا ہے (تالیاں) کیا باتیں ہیں، خدا کیلئے یار " یا سور صوفی یا سور بنگی، یا سور صوفی یا سور بنگی"۔ اگر آپ میرٹ کے دعویدار ہو، انصاف کے دعویدار ہو تو کھل کر سامنے آؤ، ہم آپ کے پٹی بند ہیں، ہم آپ کو بتاتے ہیں، آپ امامت کریں لیکن * + تو اس میں نہ کریں نا۔۔۔۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: یہ الفاظ ریکارڈ سے حذف کرتے ہیں۔

جناب محمد عصمت اللہ: کہتے کچھ اور اور کرتے کچھ اور ہو۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، عنایت خان پلیز!

جناب محمد عصمت اللہ: جب ہم آپ کو نشاندہی کرتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، عنایت خان! عنایت خان! پلیز، ہم آپ کو ویلکم کریں گے ان شاءاللہ، آپ کو ویلکم کریں گے، آپ کو ویلکم کریں گے جی۔ عنایت خان! پلیز۔ عنایت خان!

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں، ابھی وہ آپ کو جواب دیں گے۔ عنایت خان! پلیز۔

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کیا گیا۔

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میرے ساتھ میرے خیال میں اسی بجٹ سیشن کے دوران مولانا صاحب لابی میں کہیں کسی جگہ پر ملے۔۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: پلیز پلیز، آپ بیٹھ جائیں جی۔

سینیئر وزیر (بلدیات): مجھے سنیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی عنایت خان! پلیز۔

سینیئر وزیر (بلدیات): اس میں ایک تو میں یہ کلیئر کرتا چلوں کہ صوبائی حکومت نے جو 2500 ویلج کونسل کے سیکرٹریز کی پوسٹیں تھیں، ان کو Advertise کر دیا اور اس کیلئے ڈپٹی کمشنر کی قیادت میں ضلع کے اندر کمیٹی بنائی گئی۔۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر صاحب! یہ کمیٹی وہاں نہیں بنائی گئی ہے۔

جناب سپیکر: پلیز، یہ بات آپ کی طرف تو نہیں ہے مولانا صاحب! آپ تو پہلے اسمبلی میں رہے ہیں، یہ تو کوئی طریقہ نہیں ہے، آپ پلیز بیٹھ جائیں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): ڈپٹی کمشنر کی سر براہی میں کمیٹی بنائی گئی اور این ٹی ایس اس سکریننگ کیلئے استعمال کیا گیا، لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے جو پالیسی بنائی، اس میں این ٹی ایس کے تھرو سکریننگ ہوئی اور Academic کو ESTA Code فارمولے کے مطابق 92 مارکس دیئے گئے اور آٹھ نمبرز جو ہیں وہ انٹرویو کے دیئے گئے اور ہمارے ڈیپارٹمنٹ میں ابتداء میں یہ بات چلتی رہی کہ انٹرویو کے جو مارکس ہیں، اس کو نہیں دینا چاہیئے کیونکہ اس کے بعد پھر لوگ اس پہ بھی بات اٹھاتے رہیں گے لیکن بعد میں ہمارے ڈیپارٹمنٹ نے ESTA Code کے فارمولے کو Follow کیا اور اس کے مطابق پورے صوبے کے اندر اپوائنٹمنٹس ہوئی ہیں اور شکایات جگہ جگہ سے ملی ہیں، ڈیپارنمنٹ نے ان کے اوپر انکوائریز بھی کی ہیں اور جہاں غلطیاں ہوئی ہیں، ان کو ہم نے Rectify کر دیا ہے۔ ویسے مولانا صاحب کو میں بتاتا چلوں کہ میرے اپنے گاؤں کے اندر، میرے اپنے پولنگ سٹیشن کے اوپر Historically جماعت اسلامی کے مقابلے میں کوئی پچیس تیس پیپلز پارٹی کو ووٹ پڑتے ہیں اور جماعت اسلامی کو کوئی چار، پانچ سو ووٹ پڑتے ہیں لیکن میرے اپنے پولنگ سٹیشن کے اوپر جو میری اپنی ویلج کونسل ہے، وہاں پیپلز پارٹی کا ووٹر جو ہے، وہ Recommend ہوا ہے اور اس کو میں Block کر سکتا تھا کیونکہ جو ہمارا بندہ تھا، اس کے درمیان کوئی تین چار نمبروں کا فرق تھا لیکن میں نے ان کو Block نہیں کیا ہے، یعنی میں نے ذاتی طور پر اپنے ضلع کے اندر یہ رویہ اپنایا ہے۔ مولانا صاحب نے مجھے پچھلے دنوں اسمبلی کے دوران یہ بات کہی ہے، میں نے ان سے طے کی تھی یہ بات، میرے اور ان کے درمیان طے ہوا تھا کہ بجٹ کے دوران کٹ موشنز کے دوران یہ مسئلہ اٹھائیں گے اور میں اس کو بنیاد بنا کے سیکرٹری بیٹھے ہوں گے، میں اس پہ انکوائری بناؤں گا لیکن میں آپ کو ایک بات بتاؤں، یہ مولانا صاحب کہتے ہیں۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر صاحب!

سینیئر وزیر (بلدیات): آپ مجھے سنیں، مجھے سنیں ناں، May I not correct on this issue، آپ نے میرے نوٹس میں لایا ہے اور مجھے پتہ نہیں، مجھے پتہ نہیں ہے، آپ نے جو بات لائی ہے، مجھے اس کو Verify کرنا پڑے گا۔ اگر آپ کی بات درست ہے تو میں اس فلور آف دی ہاؤس پہ کہتا ہوں کہ میں اس کو Set aside کروں گا۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر صاحب!

سینیئر وزیر (بلدیات): آپ میری بات کو سنیں، آپ میری بات کو سنیں نا، میری بات کو سنیں نا، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بیٹھے ہیں، اگر مولانا صاحب جو کچھ کہتے ہیں کہ جو ہماری Stated policy ہے، اس Stated policy کے Against اگر کوہستان لوئر اور اپر کے اندر ریکروٹمنٹس ہوئی ہیں تو ان کو Set aside کریں لیکن پہلے اس کے اوپر انکوائری کریں، اگر انکوائری ہوئی ہے اور آپ اس انکوائری سے مطمئن ہیں، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اور اس کے اندر یہ Findings سامنے آئی ہیں تو ان Findings کو آپ Implement کریں And I order from here تو اس کو Set aside کریں لیکن اگر انکوائری کے اندر جو کچھ مولانا صاحب کہتے ہیں، وہ درست نہیں ہے تو اگر مولانا صاحب اس سے نہیں مطمئن تو وہ دوبارہ اسمبلی میں لے آئیں، میں اس کو آپ کی سٹینڈنگ کمیٹی کو ریفر کروں گا، میں آپ کی ہر قسم کی تسلی کروں گا۔ آپ اگر یہ چاہتے ہیں کہ میرٹ ہو تو میں آپ کو ویلکم کرتا ہوں، میں نے آپ سے کہا کہ میں جب اپنے حلقے کے اندر، اپنے گاؤں کے اندر Interfere نہیں کرتا تو میں کوہستان کے اندر کیسے Interference برداشت کروں گا؟ اسلئے میں آپ کو ویلکم کرتا ہوں، اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ انکوائری درست ہے تو سیکرٹری لوکل گورنمنٹ لابی کے اندر بیٹھے ہیں، وہ اس انکوائری کو Implement کریں۔ اگر آپ اس انکوائری سے نہیں مطمئن تو وہ دوسری انکوائری کریں، اگر آپ اس دوسری انکوائری سے بھی نہیں مطمئن تو آپ پھر اسمبلی آئیں، آپ کیلئے اگلا فورم اسمبلی ہے، اگر آپ اسمبلی سے بھی نہیں مطمئن تو ہم آپ کے کیس کو نیب کو بھی ریفر کر سکتے ہیں، آپ کو جس فورم سے بھی تسلی ہو، ہم اس کو ریفر کریں گے (تالیاں) لیکن میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہم بالکل کسی غلط چیز کے اوپر سٹینڈ نہیں لیں گے، بالکل کسی غلط چیز کے اوپر سٹینڈ نہیں لیں گے۔ آپ نے جہاں تک باقی اشاروں کی بات کی ہے، ہمیں پتہ ہے کہ آپ کس وزیر کی بات کر رہے ہیں، یہ بھی ہمیں پتہ ہے، آپ وہ بات سی اینڈ ڈبلیو کے منسٹر کے نوٹس میں لائیں، وہ سی اینڈ ڈبلیو کے سیکرٹری کے نوٹس میں لے آئیں اور وہ اس پہ انکوائری کریں، اگر آپ کو اس کے اوپر تسلی نہ ہو، اس کے اوپر آپ کو تسلی نہ ہو تو آپ جاکے اس کو صوبائی اسمبلی کی سٹینڈنگ کمیٹی میں لے آئیں، ہم آپ کی بالکل مخالفت نہیں کریں گے۔ سٹینڈنگ کمیٹی آن ورکس پہ لائیں، اگر اس کے اوپر بھی

آپ کو تسلی نہ ہو تو میں آپ کے ساتھ کھڑا ہوں، اس کیس میں بھی آپ کے ساتھ کھڑا ہوں، نیب کو ریفر کرتے ہیں، آپ کا جو پراونشل احتساب کمیشن ہے، اس کو، جس فورم کے اوپر آپ کو تسلی ہو، اسی فورم کو ان شاءاللہ تعالیٰ ہم اسی کو ریفر کریں گے لیکن جہاں تک Below کا تعلق ہے تو اس میں حکومت کی ایک پالیسی آئی ہے، ابتداء میں حکومت نے فیصلہ کیا کہ 10 percent below سے سکیم نیچے نہیں جائے گی کیونکہ لوگ پچاس ساٹھ فیصد Below پہ سکیمیں لیتے ہیں اور پھر اس کو مکمل نہیں کرتے ہیں، حکومت کو اِیشورنس دیتے ہیں، Agreement حکومت کے ساتھ کرتے ہیں کہ ہم پچاس فیصد Below پہ لیکر اسی لیول کا کام کریں گے جس کا ہم نے لیا ہے، اسلئے حکومت نے یہ پالیسی Introduce کی، یہ Competition ہم نہیں رکوا سکتے ہیں لیکن اس کے Against پھر اتنی سیکورٹی حکومت کے پاس جمع کرنا پڑے گی، اسلئے اگر کوئی اس Competition کے اندر آتا ہے تو میرا خیال ہے کہ اس کو پھر نہیں رکوایا جا سکتا ہے، وہ اگر حکومت کی اس پالیسی کے اوپر چلتا ہے، یعنی اگر وہ 80 percent below گیا ہے، انہوں نے 80 percent حکومت کے ساتھ سیکورٹی کے طور پر جمع کئے ہوئے ہیں تو وہ Technically اور اصولاً ان کا مؤقف اس وقت تک درست ہے کہ جب تک وہ کام مکمل نہیں ہوتا ہے، کام مکمل ہونے کے بعد، اگر آپ سمجھتے ہیں کہ انہوں نے کام صحیح طریقے سے نہیں کیا ہے تو حکومت اس کی سیکورٹی ضبط کر سکتی ہے لیکن چونکہ مجھے اس کا پوری طرح علم نہیں ہے، اسلئے میں اس حوالے سے بھی یہ کہنا چاہوں گا کہ سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو پر اگر یہ اعتماد کرتے ہیں تو وہ اس میں انکوائری کریں گے، اگر کسی اور فورم سے یہ کرنا چاہتے ہیں لیکن مولانا صاحب کو جس فورم سے بھی تسلی ہو، کرپشن اور میرٹ کی خلاف ورزی کے اوپر یہ بات اٹھائیں گے تو ہم ان کا ساتھ دیں گے، ان شاءاللہ تعالیٰ۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر صاحب! وہاں پر میرٹ اور انصاف کی جو خلاف ورزی ہوئی ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ، شکریہ مولانا صاحب! میرے خیال میں کافی ڈسکشن ہو گئی ہے۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی، آپ مختصر کریں، نماز کا بھی ٹائم ہے۔ جی جی، ستار صاحب۔

جناب عبدالستار خان: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر! آپ کا شکریہ کہ آپ نے مجھے ضمنی بجٹ کے حوالے سے ایک موقع فراہم کیا۔ غالباً بجٹ پر ہمارے سینیئرز نے سب نے بات کی ہے، جناب سپیکر! میں گزارش کروں گا کہ ایک چیز جو میری سمجھ میں تھی جو میں سمجھ رہا تھا، شاید وہ ہاؤس کے باقی ہمارے ساتھیوں سے وہ منفرد ہے، ایک Term ہم استعمال کرتے ہیں، ہر بجٹ جب پیش ہوتا ہے تو یہ روایت رہی ہے ہماری کہ یہ بجٹ فلاحی ہے، یہ بجٹ انتظامی ہے یا یہ بجٹ خسارے کا ہے یا یہ بجٹ فاضل ہے یا یہ بجٹ متوازن ہے، یہ عام طور پر ہماری بجٹ کی اصطلاحات ہیں، میں ذاتی طور پر یہ سمجھتا ہوں کہ کسی بھی بجٹ ڈاکیومنٹ کا فاضل ہونا، متوازن ہونا، خسارے کا ہونا، اس کا اندازہ حکومت وقت اس وقت تک نہیں لگاسکتی جب کوئی بجٹ ڈاکیومنٹ اسمبلی فلور پر پیش کیا جاتا ہو۔ جناب سپیکر! بجٹ کے متوازن ہونے کا دعویٰ ہم تب کر سکتے ہیں جب ایک بجٹ پاس ہوا ہو، اسمبلی نے اس کی Approval دی ہو اور جب دوسرا بجٹ آئے، اس میں ہمارے سامنے اگر کوئی سپلیمنٹری بجٹ آئے تو میں اس بجٹ کو، سابقہ بجٹ کو جو اس کا دعویٰ ہوتا ہے اس حکومت کا، اس کو متوازن نہیں کہہ سکتا ہوں، سپلیمنٹری بجٹ آنے کا مطلب یہ ہوا کہ جو حکومت نے Estimates دیئے تھے، جو فگرز دیئے تھے، وہ درست نہیں تھے۔ اس لحاظ سے اس سال کے جو میرے پاس آپ نے، ہمارے فنانس منسٹر نے ہمیں تو کتابوں کی ایک بہت بڑی گٹھڑی دی ہے، اس میں جو وائٹ پیپر ہے، جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ چاہوں گا، اس میں بڑی سیریس بات یہ ہے کہ ہمارے پاس Receipts کی تین چار مطلب مدات ہیں، Main جو ہمارا وہ ہے، فیڈرل ٹرانسفر 75 پرسنٹ ہے، Provincial Own Receipts دس پرسنٹ ہیں، General Capital Receipts پانچ پرسنٹ ہیں، Development Receipts جو ہیں تو وہ دس پرسنٹ ہیں۔ جناب سپیکر! مجھے اس بات کا افسوس بھی ہے، آج میں ہاؤس میں ایک سوال سامنے رکھنا چاہتا ہوں آپ سب کے سامنے، یہاں پر بات کی گئی میرٹ کی، یہاں پر بات کی گئی انصاف کی، جناب سراج الحق کو میں نے قران مجید کی ایک آیت کی طرف اشارہ دیا تھا، پچھلے سال بھی، فنانس منسٹر صاحب! میں آپ کو بھی وہی دہرانا چاہتا ہوں، و اقیمو الوزن با القسط ولا تخسر المیزان، اصل میں جو میرٹ کی بات مولانا صاحب نے اٹھائی ہے، انصاف کی بات جو مولانا صاحب نے کی ہے، میں ایک تیسری بات کرتا ہوں، انصاف کیا ہوتا ہے،

میرٹ کیا ہوتا ہے اور ظلم کیا ہوتا ہے؟ میرے پاس اس صوبے کے 113 ارب کا جو ڈیویلپمنٹ کا آپ نے ہمیں ایک پروگرام دیا ہے اس صوبے کیلئے، میرے صوبے کے پاس جو وسائل ہیں، اگر یہ انصاف کی بنیاد پر 25 اضلاع میں یا 99 حلقہ جات جو ہیں ہماری صوبائی اسمبلی کے، اس میں برابری کی بنیاد پر سیٹ فارمولے کے تحت، جس کے تحت اس صوبے نے بڑی جنگ کے بعد مرکز سے وسائل لئے ہیں، اس بنیاد پر اس فارمولے پر وسائل کی تقسیم اگر اضلاع کی سطح پر ہو گئی ہے، حلقہ جات کی سطح پر ہو گئی ہے، علاقوں کی سطح پر ہو گئی ہے تو میں اس بجٹ کو متوازن کہوں گا، اگر اس بنیاد پر وسائل کی تقسیم نہیں ہوئی ہے تو میرے سمیت میرے خیال میں اس ہاؤس میں کوئی بھی موجود بندہ، میں آج پولیٹیکل بات نہیں کرتا ہوں، میں ایک سیریس مسئلے کی طرف آپ کی، اس ہاؤس کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ وسائل کی تقسیم اصل بنیاد ہے، وسائل کی تقسیم اصل بنیاد ہے، اگر صوبے کے وسائل جو ڈی آئی خان سے لیکر کوہستان کی آخری بسری باؤنڈری تک تمام علاقوں کے لوگوں کا اس صوبے کے وسائل پر حق ہے، سب کا حق ہے، برابری کی بنیاد پر حق ہے، اگر ہر سال بجٹ میں وسائل کی تقسیم ہو اس بنیاد پر کہ جو پسماندہ علاقے ہیں، جو دور دراز علاقے ہیں، جو غربت والے علاقے ہیں، اس میں صوبائی شیئر میں اگر ایک پرسنٹ بھی اس میں حصہ اس کو نہ دیا جائے، اس کو ان کے حقوق سے محروم کیا جائے اس علاقے کو اور سارے وسائل چند علاقوں میں تقسیم کر کے اے ڈی پی کی اور اس کتاب کی تشکیل کر کے مجھے وزیر خزانہ صاحب ہر ممبر اسمبلی کو یہ اٹھا کر پیش کریں تو میں اس ڈاکیومنٹ کی بنیاد پر کہوں گا کہ یہ متوازن بجٹ ہے، یہ انصاف والا بجٹ ہے۔ چلو میں آپ سے پوچھتا ہوں، آپ کے اس ہاؤس سے پوچھتا ہوں، اس بجٹ ڈاکیومنٹ کو آپ میرٹ کہتے ہیں؟ ظلم ہے جناب سپیکر! ظلم ہوا ہے کہ جو چیز جس مخرج پر ہے، اس کو وہاں سے، اس مخرج سے ہٹانے کا نام ظلم ہے، کرپشن یہی ہے، میری نظر میں تو کرپشن یہی ہے۔ میرے بھائی نے کہا کہ Inefficiency بھی کرپشن ہوتی ہے، میری نظر میں کرپشن یہی ہے کہ صوبے کے وسائل میں جن علاقوں کو، جو حقدار ہیں، جو منصوبوں کے حقدار ہیں، جن کی Priorities ہیں، جن کی ترجیحات ہیں، جن کی ضرورت ہے اس علاقے میں، اگر اس علاقے میں اس کیلئے وسائل نہ دیئے جائیں اور ان وسائل کو دیگر علاقوں میں، ان کے وسائل کو دیگر علاقوں میں استعمال کیا جائے تو میرے خیال میں یہ ظلم ہے، یہ میرٹ نہیں ہے، اصل میرٹ شروع ہوتا ہے اپنے اس فورم

سے، اس ہاؤس سے، میں آپ کی توجہ ایک دوسرے مسئلے کی طرف چاہوں گا جناب سپیکر! میں نے پچھلے سال بھی کہا تھا کہ اس ملک کے وسائل میں، تقسیم میں ہمارے صوبے کا ایک مؤقف رہا ہے کہ مرکز کے ساتھ 75 پرسنٹ، جناب سپیکر! مرکز سے ہم نے جو وسائل حاصل کئے ہیں، میرے صوبے کا ایک مؤقف رہا ہے شروع سے، میرا صوبہ کہتا ہے شروع سے کہ پسماندگی اور غربت کی بنیاد پر وسائل کی تقسیم ہو، پنجاب کہتا ہے کہ Population base پر وسائل کی تقسیم ہو، سندھ کہتا ہے کہ Revenue base پر وسائل کی تقسیم ہو، بلوچستان کہتا ہے کہ Area base پر وسائل کی تقسیم ہو، جب دس پرسنٹ وسائل مرکز سے اس اصولی مؤقف پر ہمارے صوبے کو زیادہ ملے ہیں، War on terror پر ایک پرسنٹ زیادہ ملے ہیں، اب یہ وسائل ہمارے صوبے میں کس طرح تقسیم کرتے ہیں، میں چاہتا ہوں کہ یہ کلیئر ہو، واضح ہو۔ کیا اسی فارمولے کو جس بنیاد پر ہم نے مرکز سے وسائل زیادہ لئے ہیں، آگے Transfer of resources to District level ہم اس کو اپناتے ہیں؟ نہیں، یہاں پر نفی کرتے ہیں ہم، یہ ایک سیٹ فارمولا ہو جناب سپیکر! ہر سال اے ڈی پی میں، ہر سال بجٹ میں، ہر علاقے کی اپنی اپنی Requirements ہیں، جو منصوبہ کوہستان میں بنتا ہے، وہ پشاور میں نہیں بن سکتا ہے، جو منصوبہ ایبٹ آباد میں بنتا ہے وہ پشاور میں نہیں بن سکتا ہے، میری اپنی Requirements ہیں ہر علاقے کی، اس بنیاد پر Lump sum وسائل کی تقسیم ہو، اس بنیاد پر فائنل اے ڈی پی بنے اور Annual Development Programme بنے ہر علاقے کی ضرورت کی بنیاد پر، یہ میری ایک خواہش تھی جو شروع سے جناب سپیکر! جس پر آج تک غور نہیں کیا گیا ہے۔ دوسری بات، جناب۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ، ستار صاحب! مختصر کریں پلیز، کیونکہ دو Speeches باقی ہیں، اس کے بعد میں اجلاس ایک دن کیلئے Adjourn کروں گا اور کل جو ہے نا ہم کٹ موشنز جو ہیں وہ ان شاءاللہ کل کر لیں گے۔

<u>جناب عبدالستار خان:</u> بالکل میں اس پر آتا ہوں، جناب سپیکر! باقی ساتھیوں نے بات کی ہے، اس Tsunami Billion Trees Plantation پر ہمارے منسٹر صاحب نے بات کی ہے، غالباً ہو سکتا ہے کیونکہ انسان کامل نہیں ہے، میرے پاس ایک تجویز تھی، میں نے سی ایم صاحب کو گزارش میں، میں

نے سامنے رکھی، اس نے اس بات کو Own کیا ہے، ہو سکتا ہے کہ ستار کی یہ تجویز پورے صوبے کیلئے قابل عمل ہو۔ میں آج منسٹر صاحب کو کہتا ہوں، شہرام خان نہیں بیٹھے ہیں ادھر اور دوسرے منسٹر صاحب جو ذمہ دار ہیں، Tsunami Billion Trees Plantation پروگرام ہمارے صوبے میں ناکام ہے جناب سپیکر، وہ کیوں ہے؟ دو وجوہات ہیں۔ ہمارا صوبہ زمینی لحاظ سے اس کی دو قسمیں ہیں، ایک Dry Temperate Zone جہاں پر مون سون کی بارشیں نہیں ہوتی ہیں، ایک Moist Temperate Zone جہاں پر مون سون بارشیں ہوتی ہیں، تو اس Tsunami Billion Trees Plantation پروگرام میں پچھلے سال Dry Temperate Zone میں محکمے نے جو درخت لگائے ہیں، میں آج دعوے سے کہتا ہوں یہ بات، بڑی ذمہ داری کے ساتھ کہتا ہوں کہ جن علاقوں میں یہ مون سون بارشیں نہیں ہوتیں، وہاں پر ایک درخت بھی موجود نہیں ہے، میں سچ بات کہتا ہوں یہ، میں اس پراجیکٹ کو کامیاب دیکھنا چاہتا ہوں، وجہ یہی ہے کہ محکمہ نے وہ پودے لگا کر چھوڑے ہیں، نہ ان کیلئے پانی کا نظام ہے، نہ ان کی Grazing کا کوئی Arrangement ہے، تو اس وجہ سے ایک اس میں میں نے تجویز دی ہے کہ جناب سپیکر! اس پراجیکٹ کو۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> پلیز، آپ اس کو وائنڈ اپ کر لیں۔

<u>جناب عبدالستار خان:</u> میں وائنڈ اپ کرتا ہوں سر! میں ایک مفید بات کہنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی جی۔

<u>جناب عبدالستار خان:</u> اس پراجیکٹ کو کامیاب بنانے کیلئے میرے پاس ایک تجویز ہے، میں نے وہی ماڈل رکھا ہے جو گلگت بلتستان میں چلتا ہے، اس کو ایگریکلچر اور فارسٹ کی Jointventure کر لیں، Fruit Trees کی نرسریاں لگائیں، پرائیویٹ لوگوں کو دے دیں، دو سال کے اندر یہ پراجیکٹ کامیاب ہو سکتا ہے، کیوں؟ اس میں فائدہ ہے لوگوں کا، فارسٹ میں ایک Walnut کے علاوہ، اخروٹ کے علاوہ کوئی بھی Fruit Tree شامل نہیں ہو سکتا، Domain میں شامل نہیں ہے۔ جب میرے خیبر پختونخوا کے پہاڑی علاقے کے لوگ اس چیز کو دیکھیں گے کہ یہ جو میں درخت لگاتا ہوں، اس سے فروٹ بھی بن سکتا ہے، اس سے مجھے Economical فائدہ بھی ہو سکتا ہے تو یہ پروگرام کامیاب ہو گا، ورنہ یہ پروگرام کامیاب نہیں ہو

سکتا، ایک تجویز تھی جناب سپیکر! میری۔ دوسری بات، ہیلتھ میں بات کی گئی، شہرام نے بات کی ہے، ہیلتھ میں آپ کے نوٹس میں یہ بات لاؤں کہ 2013 کے بعد آج تک ہمارے بنیادی ہیلتھ کے جو مراکز ہیں، یہ بات میں نے پہلے بھی کی ہے، سول ڈسپنسری، بی ایچ یو، آر ایچ سی، بجٹ سمیت ان کو کسی آرگنائزیشن کے حوالہ کیا گیا تھا۔ آج چوتھا بجٹ آرہا ہے جناب سپیکر! بجٹ سمیت یہ سارے ہیلتھ میں، میں یقین سے کہتا ہوں، یہ بات آپ کو پوری ایمانداری کے ساتھ کہ PPHI, Integrated Health Services نامی ایک این جی او کو یہ ہمارے ہاسپٹلز حوالہ کئے گئے تھے بجٹ کے ساتھ، ملازمین کے ساتھ۔ دو مہینے سے انہوں نے شروع سال سے کام شروع کیا ہے۔ اس کے بعد آج چوتھا سال ہے وہ غائب ہیں اور سب سے بڑا یہ عاطف، یہ میں ذمہ داری کے ساتھ کہتا ہوں کہ خیبر پختونخوا میں ہیلتھ میں سب سے بڑا فراڈ ہوا ہے اور سب سے بڑی کرپشن ہوئی ہے، اس میں No doubt۔ تیسرا سال ہے کہ ہم سیکرٹری ہیلتھ کے پاس جاتے ہیں، میں نے خود درخواست دی ہے کہ نیب کو دے دیں یہ کیس۔ یہ بجٹ کھا کر یہ مخلوق کون تھی، یہ Integrated Health Services والے؟ یہ کدھر گئے ہیں تین سال سے؟ یقین کریں، میں یقین سے کہتا ہوں کہ اس وقت کوہستان میں کسی بھی بی ایچ یو میں تین سالوں سے نہ ڈاکٹر ہے، نہ میڈیسن ہے، نہ ڈسپرین کی ٹیبلٹس ہیں، نہ انجیکشن ہے۔ یہ میں سچ بات کہہ رہا ہوں، لوگ ایسی سیاسی، میں سیاسی بات نہیں کرنا چاہتا ہوں۔ اس میں بات بھی کرتے ہیں، ہمیں جو بتایا جاتا ہے، ان لوگوں سے ہم نے پوچھا ہے کہ ہم نے، یہ جہانگیر ترین کی این جی او ہے تو کہیں یہ جہانگیر ترین صاحب نہ ہوں۔ جناب سپیکر! خیبر پختونخوا کے ساتھ یہ میں سچ بات کہہ رہا ہوں کہ تیسرا سال جا رہا ہے، ہمارے ہیلتھ میں، بی ایچ یوز میں ایک ڈاکٹر موجود نہیں ہے، ایک میڈیسن موجود نہیں ہے، کوئی والی وارث اس کا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: اصل میں یہ Basically SRSP کی سب برانچ ہے، کسی کا نام نہیں ہے، بالکل غلط فہمی ہے اور آپ تھوڑا چونکہ ٹائم ابھی وہ ہے، ایک دو لوگوں نے بولنا ہے تو Kindly آپ ٹائم شارٹ لیں۔

جناب عبدالستار خان: میں آتا ہوں۔ جناب سپیکر! اس پر میں آرہا ہوں۔ PEDO کے بارے میں بات ہو گئی یہاں پر۔ میں ان باتوں میں نہیں جاتا ہوں جو یہاں اس طرف سے ہوئی ہے باتیں، ان کی طرف سے ہوئی ہیں۔ البتہ اتنا کہہ سکتا ہوں جناب سپیکر! کہ جو 337 یا جو 350 مائیکرو ہائیڈل ہمارے صوبے میں، اس

میں سات پلانٹس میرے حلقے میں آئے تھے بعض 500 کلوواٹ کے ہیں، وہ Proposed ہیں، ابھی تک بنے نہیں ہیں، 50 KV کے بنے ہیں لیکن لوئر کوہستان سے، یہ بات وثوق سے میں کہہ سکتا ہوں، یہ بات آئی ہے کہ SRSP Contracting Agency ہے،اس میں اس کا کوئی Role نہیں ہے۔ کنسلٹنسی دوسرا ایک ادارہ ہے PEDO کا، اس میں جو مشینری ہے وہ دو نمبر ہے کیونکہ ایک سال جب Inauguration ہوتی ہے، جب وہ پانی چھوڑتے ہیں تو دوسرے دن کہتے ہیں کہ ساری مشینری، مطلب اس کے پرزے ٹوٹ جاتے ہیں۔ یہ ایک بات تھی، میں نے ادھر فورم پر بھی اپنے ڈی سی کو بلا کر کہا ہے کہ یہ بات آئی ہے،اس کی انوسٹی گیشن کرنی چاہیئے۔PEDO میں جو 350 پاور پراجیکٹس آپ کے ناکام ہو گئے عاطف خان! یہ اس طرح کرنے سے بات نہیں بنے گی۔اس میں جو مشینری استعمال کی گئی ہے، وہ فارن کی تھی۔پی سی ون میں جو ہے وہ تو باہر سے لانا ہے لیکن یہاں پر لوکل مشینری ہے،اس وجہ سے دو دن وہ پاور ہاؤس کام نہیں کر سکتا ہے،اس کی Efficiency نہیں ہے کوئی۔ یہ بات میں آپ کو حقیقت بتا رہا ہوں،اس پر تحقیقات کریں۔خدا کرے، ایسا نہ ہو یہ 300، یہ 350 جو مائیکرو ہائیڈل آپ کے نام، خان کے نام سے نکلے تھے، خدا کرے یہ 550 Dams بنے میری طرف سے لیکن بن نہیں سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: ستار صاحب! وائنڈ اپ کریں، پلیز۔ پلیز وائنڈ اپ کریں۔ دو منٹ میں وائنڈ اپ کریں، پلیز۔

جناب عبدالستار خان: اچھا۔ جناب سپیکر! ایک دو پوائنٹ پر آتا ہوں۔ایک یہاں پر منسٹر صاحب نے ہمیں بتایا تھا کہ سپلیمنٹری بجٹ میں جو عمومی نظم ونسق جو ہمارا ہوتا ہے،اس پر ہم نے بڑا فنانشل کنٹرول کیا ہے۔ ایڈمنسٹریشن میں ہم ڈسپلن میں رہے ہیں اور ہم نے اپنے اخراجات کو اس سے کم کر دیئے ہیں لیکن ضمنی بجٹ میں اس پر آ رہا ہے، بارہ کروڑ روپے اضافی مانگتا ہے۔ بجٹ سپیچ میں منسٹر صاحب نے کہا تھا کہ ہم نے اس پر کنٹرول کیا ہوا ہے، فنانشل ڈسپلن میں رہے ہیں ہم، ہم نے اضافی اخراجات نہیں کئے ہیں، کم کئے ہیں لیکن آج وہ سپلیمنٹری بجٹ میں اس ہاؤس سے بارہ کروڑ روپے مانگ رہے ہیں،اس بات کی مجھے سمجھ نہیں آئی۔ جناب سپیکر! ایک تھوڑا، ایک لمبے جملے کے ساتھ میں اپنے سپیچ کو وائنڈ اپ کرتا ہوں۔ڈیویلپمنٹ سائیڈ پر کیونکہ ڈیویلپمنٹ سے میرا شوق بھی ہے اور ٹورازم ڈیویلپمنٹ، وائلڈ لائف ان چیزوں میں میرا بڑا ذاتی وہ

بھی ہے اور تجربہ بھی ہے الحمدللہ۔ میں حکومت وقت سے ایک جملہ کہوں گا کہ مجھے ہیلتھ اور ایجوکیشن میں ایک بات سمجھادیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ماشاءاللہ، ستار صاحب مائیک چھوڑیں گے تو پھر کسی اور کو موقع ملے گا۔ آپ Kindly وائنڈ اپ کریں تو دوسرے بھی بات کرنا چاہتے ہیں۔ پلیز وائنڈ اپ کرلیں جی۔

جناب عبدالستار خان: چلو وائنڈ اپ کرتا ہوں سر۔ No single classroom, no single primary school, no single middle school, no single high school, no single college, no single medical college, no single civil dispensary, no single Basic Health Unit, no single RHC, no single DHQ has been constructed in KPK during three years PTI regime. Yes, only one plant has been planted by your Party Head, this is your performance. You have lost four years development in my province. You have lost three years, four years development plan in my province, it is your performance۔ شرم تم کو مگر نہیں آتی۔

جناب سپیکر: جی، ڈاکٹر حیدر! پلیز۔ ڈاکٹر حیدر!

ڈاکٹر حیدر علی (پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد رشوت ستانی وصوبائی معائنہ ٹیم): شکریہ مسٹر سپیکر۔ میں کسٹم ایکٹ کے حوالے سے جو ڈسکشن ہوئی ہے آج، اس پر تھوڑی سی بات کرنا چاہتا ہوں۔ یہ جو سمری دوبارہ بھیجی گئی ہے، پہلی والی سمری میں جس طرح کہ سی ایم صاحب نے کہا کہ Apex Committee کی جو سفارشات ہیں، وہ نیشنل ایکشن پلان کے تحت ہر صوبائی حکومت پر بائنڈنگ ہیں، وہاں پر Untraceable، Unregistered گاڑیوں کی بات ہوئی تھی کہ یہ دہشتگردی میں اور جرائم میں استعمال ہوتی ہیں۔ جو سمری گئی ہے، اس میں گاڑیوں کی رجسٹریشن یا ریگولرائزیشن کی بات ہوئی تھی، کسٹم ایکٹ یا اس کے ساتھ جو دوسرے فیڈرل ٹیکسز ہیں، ان کی بات نہیں ہوئی اور فوری طور پر اس کو بہانہ بنا کر فیڈرل حکومت نے ہم پر تمام ٹیکسز لاگو کئے۔ اگر وفاقی حکومت صوبے کے مشوروں کا اتنا احترام کرتی ہے تو سب سے بڑا مشاورتی ادارہ صوبائی اسمبلی ہے۔ پچھلے تین سال سے جتنی بھی قانون سازی ہوئی ہے اور اس میں ملاکنڈ ڈویژن کے ایک چوتھائی ارکان شامل ہیں جو کہ اکیلے بیٹھ کر اس ہاؤس کا کورم پورا کرتے ہیں، اس میں سے ابھی تک ایک ایکٹ بھی ملاکنڈ ڈویژن میں Extend نہیں ہوا۔ دوسری بات یہ کہ یہ غلطی ہے یا

بقول اپوزیشن کے سی ایم صاحب نے کی ہے، تو اگر وزیر اعلیٰ صاحب نے دوبارہ سمری بھیجی ہے جس میں یہ وضاحت ہے کہ ملاکنڈ ڈویژن ڈیوٹی فری زون ہے، وہاں پر جو گاڑیاں آتی ہیں، وہ سمگل ہو کے آتی ہیں، اگر یہ ڈیوٹی فری ہے تو وہاں پر گاڑیاں سمگل ہو کے کیوں آتی ہے؟ فیڈرل حکومت سے ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ قانون کے تحت ڈیوٹی فری گاڑیوں کی امپورٹ کی اجازت دی جائے تاکہ صوبہ اس کی رجسٹریشن چاہے ایکسائز سے کروائے یا لوکل ایڈمنسٹریشن سے کروائے تو یہ مسئلہ حل ہو سکتا ہے، تو ابھی تک جو کہ گورنر صاحب نے اس سمری پر دستخط کئے ہیں، صدر صاحب کے پاس وہ سمری پڑی ہوئی ہے، اس ایوان میں فیڈرل گورنمنٹ کے نمائندے بیٹھے ہوئے ہیں، نواز لیگ کے یہاں پر نمائندگی ہے اور جو اتحادی جماعتیں ہیں جن میں ہمارے اپوزیشن لیڈر صاحب بھی موجود ہیں، وہ بھی ہیں، ہم ان سے درخواست کرتے ہیں کہ ہماری جتنی بھی یہاں پر لیجسلیشن ہوئی ہے، اس کو Extend کرنے میں بھی اپنا ایک کردار ادا کریں اور کسٹم ایکٹ کو Withdraw کرنے میں بھی اپنا ایک کردار ادا کریں کیونکہ بال اب ان کی کورٹ میں ہے جو کچھ ہوا وہ گزر گیا، جس کی بھی غلطی تھی، وہ ہو گئی لیکن اس وقت بال فیڈرل گورنمنٹ کی کورٹ میں ہے اور اگر ہم مل کے اس کا مقابلہ کریں گے تو ان شاءاللہ تعالیٰ یہ Withdraw ہو گا لیکن اگر ہم بغض معاویہ میں ایک دوسرے کی مخالفت میں یہاں پر تقاریر کر کے ان کا جو مؤقف ہے، ان کو اس میں سپورٹ ملے گی۔ دوسری بات یہ ہے کہ 2010 میں اس وقت کی حکومت نے اس صوبے کو جنگ زدہ قرار دے کر اور آفت زدہ قرار دے کر ایک خصوصی پیکج کا اعلان کیا تھا، مراعاتی پیکج کا کہ یہاں پر کاروباری طبقوں کو کچھ سہولت ہو اور وہ پاکستان کے باقی کاروباری طبقوں کے ساتھ مقابلہ کر سکیں جن میں ٹیکسز بھی تھے، ان پر چھوٹ تھی، امپورٹ ایکسپورٹ ڈیوٹیز پر بھی چھوٹ تھی، بجلی پر بھی چھوٹ تھی لیکن بجائے اس کے، کیونکہ یہ صوبہ اب بھی جنگ زدہ ہے، یہ صوبہ اب بھی آفت زدہ ہے، اس کی معیشت اب بھی تباہ حال ہے تو اگر ہم یونیفارم ڈیویلپمنٹ کی بات کرتے ہیں اور ہمیں اگر ٹرانسپورٹیشن پر زیادہ لاگت آتی ہے یہاں کے صنعتکاروں کو، بجلی ہماری ہے جو کہ پانی سے کم اس پہ ہم پیدا کرتے ہیں، بجلی پر یہ ہمیں سبسڈی نہیں دیتے، وفاقی حکومت، ٹرانسپورٹیشن پر یہ اگر ہمیں سبسڈی نہیں دیتے، امپورٹ ڈیوٹیز پر اگر یہ ہمیں سبسڈی نہیں دیتے، ایکسپورٹ پر نہیں دیتے اور اس طرف جو ہمارا بارڈر ہے جو لینڈ لائن کا جو ہمارا ٹریڈ تھا، وہ Already

مفلوج ہو چکا ہے جنگ کی وجہ سے، تو میں گزارش کرتا ہوں موجودہ حکومت سے کہ وفاقی حکومت سے وہ اس پیکج کو بحال کرائے اور اس صوبے پر رحم کرے، اس صوبے کے عوام پر رحم کرے۔ یہ صرف پی ٹی آئی کا مسئلہ نہیں ہے، یہ صوبہ پاکستان کی ایک اکائی ہے، اس کا مسئلہ ہے۔ تیسری بات کہ صوبائی خودمختاری 73ء کے آئین میں ہے، اس کی ضمانت دی گئی ہے، اٹھارہویں ترمیم میں اس پر عملدرآمد کیلئے بھی ایک فارمولا دے دیا گیا لیکن جب تک انتظامی خودمختاری کے ساتھ ساتھ ہمیں مالی خودمختاری نہیں ملے گی، یہ Shortfalls آتے رہیں گے، چاہے حکومت میں پی ٹی آئی ہو یا جے یو آئی ہو یا اے این پی ہو یا جو بھی ہو لیکن اگر ہم اپنے وسائل، ہم پسماندہ ضرور ہیں لیکن یہ صوبہ غریب صوبہ نہیں ہے، ضرورت اس بات کی ہے کہ اگر یہاں پر صنعت کو سپورٹ کریں گے، یہاں پر یونیفارم ڈویلپمنٹ کیلئے کام کریں گے تو یہ صوبہ سب سے زیادہ آگے بڑھے گا۔ اس کیلئے ضرورت اس بات کی ہے کہ وفاق ہمیں اپنے وسائل کو ڈویلپ کرنے میں رکاوٹ کی بجائے ہماری مدد کرے تاکہ ہم مقابلہ کر سکیں اور اگر ہم مقابلہ کریں گے تو یہاں پر جو بدامنی ہے، یہاں پر جو دہشتگردی ہے، یہاں پر جو اور مسائل ہیں جو کہ اس صوبے کے نہیں ہیں، پورے پاکستان کے مسائل ہیں اور جو کہ پوری دنیا کے مسائل بن چکے ہیں تو اگر یہاں پر ان ایشوز کو ایڈریس نہیں کریں گے، یہاں پر بے روزگاری ہو گی، یہاں پر بے چینی ہو گی، یہاں پر اس سے تشدد جنم لے گا جو پورے پاکستان کیلئے اور پورے خطے کیلئے ایک خطرہ ہو گا اور جو ہمارے مسائل ہیں، اس میں اضافہ ہو گا۔ بہت بہت شکریہ۔

دعائے مغفرت

جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم): میں ایک پوائنٹ پر ایک شارٹ سی بات کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی جی، مشتاق غنی صاحب!

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: میں کل کراچی کے واقعے پر افسوس کا اظہار کرنا چاہتا ہوں، پاکستان کے ایک نامور فنکار امجد صابری کل دہشتگردی کا شکار ہوئے ہیں ٹارگٹ کلنگ میں، پورے ملک میں کہیں بھی دہشتگردی کا واقعہ ہو، ہمارا صوبہ ہو یا کوئی بھی، ہم نے ہمیشہ اس کی مذمت کی ہے اور یہ بڑا دلخراش واقعہ ہے۔ ہماری دعا

ہے کہ اللہ ان کو جوار رحمت میں جگہ دے اور ہم توقع رکھتے ہیں کہ سندھ حکومت ان کے قاتلوں کو جلد از جلد گرفتار کرے گی۔ میری درخواست ہے کہ ان کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی جائے۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب! آپ دعا فرمائیں۔

(اس مرحلہ پر امجد صابری قوال (مرحوم) کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی)

جناب سپیکر: ڈسکشن آج کمپلیٹ ہوگئی، کل ان شاءاللہ کٹ موشنز پر ڈسکشن ہوگی اور میں کل ڈیڑھ بجے تک کیلئے اجلاس Adjourn کرتا ہوں۔

(اجلاس بروز جمعۃ المبارک مورخہ 24 جون 2016ء دوپہر ڈیڑھ بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)